# فہرست کتب ۱۹۵۷ء

دارالاشاعت پنجاب، ریلوے روڈ - لاہور

پوسٹ بکس نمبر ۲۹

Taj Tahir Foundation

# کاروبار کے قواعد

۱۔ کتابوں کی فرمائش کے ساتھ اپنا نام اور مکمل پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمایئے۔ ڈاکخانے اور ضلعے کا نام بہت واضح لکھنا چاہیئے۔

۲۔ مطلوبہ کتب دو طرح بھیجی جاتی ہیں۔ روپیہ پیشگی بذریعہ منی آرڈر بھیجنے پر۔ یا بذریعہ دی۔ پی (قیمت طلب پارسل) منگوانے پر۔

۳۔ کتابیں بذریعہ دی۔ پی (قیمت طلب پارسل) منگوائی جائیں۔ تو قیمت کی ان پر ایک چوتھائی رقم پیشگی روانہ فرمایئے۔

۴۔ کتابیں منگوانے کی سب سے ارزاں صورت یہ ہے۔ کہ بجائے دی۔ پی طلب کرنے کے اپنی مطلوبہ کتابوں کا کل حساب طلب کر لیا جائے۔ اور اس کے مطابق رقم منی آرڈر کے ذریعے دفتر ہذا کو بھیج کر کتابیں بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ منگوالی جائیں۔ اس طرح آپ دی۔ پی کے اخراجات کے بارسے بچ جاتے ہیں۔

۵۔ جملہ اخراجات ریل۔ ڈاک اور پیکنگ بذمہ خریدار ہونگے۔

۶۔ کم وزن پارسل بذریعہ ڈاک اور زیادہ وزن کا پارسل بذریعہ ریلوے (جس میں کفایت رہے گی) روانہ کیا جائیگا۔ چنانچہ اپنے مقامی سٹیشن یا قریب ترین ریلوے سٹیشن کا نام ضرور لکھنا چاہیئے۔

۷۔ اس فہرست میں کتابوں کی جو قیمتیں درج ہیں۔ ان میں تغیر و تبدل ہونا ممکن ہے لیکن اگر ایسا ہوا تو فرمائش کی تعمیل کے وقت جس کتاب کی جو صحیح قیمت ہوگی۔ وہی وصول کی جائے گی۔

Taj Tahir Foundation

۸- بلٹی یا وی۔پی کسی صورت میں واپس نہ کیجئے۔ ہر قسم کا تصفیہ بذریعہ خط و کتابت ہو سکتا ہے۔

۹- دارالاشاعت پنجاب لاہور کی پرانی کتابیں جو پاکستان اور ہندوستان میں لازوال شہرت کی مالک ہیں اور کہیں سے دستیاب نہ ہوتی تھیں۔ گزشتہ فسادات کے دوران میں بہت تھوڑی تعداد میں برآمد ہوئی ہیں۔ نایاب کتابیں ہونے کی وجہ سے ان کی قیمت اب وہ نہیں رہی جو اُن کے اوپر چھپی ہوئی ہے۔ بعض کتابوں کی گنتی کی جلدیں موجود ہیں۔ ضرورت مند انہیں فی الفور طلب فرمالیں۔ چونکہ دارالاشاعت پنجاب کو بہت سی نئی کتابیں چھاپنی ہیں۔ اس لئے ان پرانی کتابوں کے نئے اڈ[illegible] ان کے ساتھ رفتہ رفتہ شائع ہو سکیں گے۔

۱۰- جن کتابوں کو محکمہ تعلیم کا ایڈوائزری بورڈ مدارس کی لائبریریوں کیلئے منظور کر چکا ہے۔ ان کے نام پر ایک ستارہ ※ بنا دیا گیا ہے۔ ایسی سب کتابیں مدارس اور دوسرے سرکاری اداروں کو محکمہ کی مقرر کی ہوئی قیمتوں پر دی جائیں گی۔ قیمتیں معلوم کرنے کے لیے منظور شدہ کتابوں کی فہرست طلب فرمائیے۔

## کمیشن

جو کتابیں اس فہرست کتب میں درج ہیں۔ انہیں تاجران کتب اپنی دکان پر رکھ کر فروخت کرنے کی غرض سے منگائیں۔ تو اُن کی خدمت میں مناسب و معقول کمیشن پیش کیا جاتا ہے۔ مختلف کتابوں پر اور کتابوں کی مختلف تعداد پر کمیشن مختلف ہے۔ محکمہ تعلیم کی منظور شدہ کتابوں پر مقابلۃً کم اور دوسری کتابوں پر زیادہ۔ مطلوبہ کتابوں کے نام اور تعداد لکھ کر کمیشن کے متعلق مکمل معلومات حاصل فرمائیے۔

# نئی مطبوعات

## قرآنی سبق

(لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے بے نظیر کتاب)

ان میں مولانا محمد جعفر صاحب رکن ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ نے تلاش اور غور و خوض کے بعد قرآن مجید میں سے وہ آیات چُن لی ہیں جو بچوں کی روزمرّہ زندگی سے بہت گہرا تعلق رکھتی ہیں اور ان پر بیحد سلیس اور شگفتہ مضامین لکھکر بچوں کو سمجھایا ہے کہ قرآن مجید کوئی جادو منتر کی کتاب نہیں جسے صرف عربی میں پڑھ لینا کافی ہو۔ بلکہ اس میں اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں کو بتایا ہے۔ کہ بنیادی اخلاق کی کن کن باتوں کا خیال رکھکر وہ اپنی زندگی کو صحیح معنوں میں اسلامی بنا سکتے اور خوبی و خوش اسلوبی سے بسر کر سکتے ہیں۔ آپس کے اتفاق عفو، عدل۔ ماں باپ سے اچھے سلوک۔ ثابت قدمی۔ وقت کی پابندی ہمدردی دوستی۔ لالچ۔ کوشش۔ بخل۔ فضول خرچی۔ تندرستی وغیرہ پر احکامِ قرآنی کی روشنی میں ایسی خوبی سے روشنی ڈالی گئی ہے کہ بچے اسلامی اخلاق کی خوبیوں کے دل سے قائل ہو کر شوق سے ان پر عمل پیرا ہونگے اور اس سلیس و شگفتہ تفسیر کے ذریعے سچے مسلمان اور پاکستان کے قابلِ قدر شہری بن سکیں گے۔ یہ کتاب ہر مسلمان لڑکے اور لڑکی کے لئے پڑھنا ضروری ہے۔ قیمت دو روپے۔

# شاہکارِ تصاویر

## اُردو میں آرٹ پر پہلی کتاب

جس کی تصاویر

امریکہ سے چھپوا کر منگوائی گئی ہیں!

ہمارے ملک کے بچے صرف اس لئے حُسنِ تصویر کی فہم نہیں رکھتے کہ انہیں اعلےٰ تصاویر دیکھنی میسّر نہیں آتیں۔ ہمارے ہاں نہ آرٹ کی گیلریاں ہیں نہ کتابیں۔ اب اس کتاب میں سیّد امتیاز علی تاج نے مشرق و مغرب کے مشہور فنکاروں کی طرح طرح کی سیاہ و سفید اور رنگین تصاویر جمع کردی ہیں ہر باب کے شروع میں اس باب کی تصویروں کے متعلق ایک دیباچہ لکھا ہے۔ اور ہر تصویر پر اس کی خوبی اور خصوصیت کے متعلق ایک آسان نوٹ درج کیا ہے اس کتاب کے مطالعے سے لڑکوں اور لڑکیوں میں آرٹ کا صحیح ذوق پیدا ہوگا۔ جن میں فن کار بننے کی صلاحیت ہے وہ اعلےٰ درجے کے فنکار بن سکیں گے۔ جو یہ صلاحیت نہیں رکھتے ان میں تصویروں کا حسن سمجھنے کی فہم پیدا ہوگی۔ بڑی عُمر کے لوگ بھی اس سے بہت کچھ سیکھ کر اس قابل بن سکیں گے۔ کہ تصاویر کی نمائشوں میں مصوّروں کے کمالات سے لُطف اندوز ہو سکیں۔ بے حد خوبصورت اور بیمثال۔ تحفے میں دینے کے لئے لاجواب کتاب۔ قیمت سات روپے آٹھ آنے

Taj Tahir Foundation

# تاریخ بھی مزے کی چیز ہے

## اُردو میں ایک نادر کتاب

جو بچوں کا دل بہلانے کے ساتھ ان کی معلومات میں ازحد قابل قدر اضافہ کرتی اور کم عمری ہی میں انہیں سمجھا دیتی ہے۔ کہ دنیا میں انسان کی سرگرمیاں اب تک کیا کچھ رہی ہیں۔ اور ان کا رُخ کدھر کو ہے۔ اس کتاب میں دُنیا کی سب سے دلچسپ اور اہم کہانی ہے۔ انسان کی کہانی۔ کہ اس نے اس دنیا میں زندگی کیسے شروع کی۔ کیونکر اپنے لئے غذا پیدا کی۔ تن ڈھانپا۔ رہنے کا ٹھکانا بنایا۔ اپنی ان بنیادی ضرورتوں پر قادر ہونے کے بعد قوت اور تخیل سے کام لے کر آرٹ۔ ادب اور عظیم ایجادات سے زندگی کو سجایا۔ تہذیبیں قائم کیں۔ وہ کن وجوہ سے برباد ہوگئیں۔ کون کون سے مذاہب دُنیا میں آئے اور انہوں نے کیا کیا کارنامے سرانجام دیئے۔ پاکستان قائم ہونے تک کی یہ داستان مولٰینا عبدالمجید سالک نے ایک امریکی کتاب سے لے کر ایسے آسان لفظوں میں ایسی مٹھاس اور گھلاوٹ سے بیان کی ہے۔ کہ بچے تو کیا بڑے بھی کتاب شروع کر کے ہاتھ سے نہیں رکھ سکتے۔ ساتھ ہی کارٹون کی قسم کی بہت دلچسپ تصویریں۔ قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے ؎

Taj Tahir Foundation

محترمہ جناب امتیاز علی کے قلم سے

# ننھّی بیبیاں

پہلا ترجمہ لویسا مے الکاٹ کی زندہ جاوید لٹل ویمن کا اردو میں امریکی کلاسیکی ادب کی وہ کتاب جو لاکھوں کی تعداد میں چھپ چکی ہے۔ تقریباً ہر مغربی زبان میں ترجمہ ہو چکی ہے۔ اور جس کے بغیر یورپ یا امریکہ کی کوئی لائبریری مکمل نہیں سمجھی جاتی ۔

اس ناول کا تعلق امریکہ کے نچلے متوسط طبقہ کے ایک خاندان سے ہے۔ اس میں وہاں کی انیسویں صدی کی زندگی کا بہت صحیح نقشہ کھینچا گیا ہے۔ یہ زندگی مشرق کے اسلامی ممالک کی موجودہ طرزِ زندگی سے مختلف ہے لیکن کتاب میں انسانی اقدار ایسی ہیں۔ کہ پاکستان میں بھی بے حد دلچسپی سے پڑھی جائیگی۔ اور قارئین اس خاندان کے شہرۂ آفاق کرداروں کے غموں اور خوشیوں اور کھیل تماشوں سے بخوبی لطف اندوز ہوں گے۔ اور کئی قابلِ قدر سبق سیکھیں گے ۔

ترجمہ ایسا شگفتہ۔ سلیس اور رواں کہ ترجمہ معلوم نہیں ہوتا۔ کتاب میں بلاک کی چھ نہایت بارونق رنگین تصاویر۔ سرورق نامور مصری فن کار اعتدال حسن منیب کا بنایا ہوا۔ مصر میں اس کتاب کا جو عربی ترجمہ چھپا ہے۔ سرورق بھی اسی کا رکھا گیا ہے۔ اور تصاویر بھی اسی کی مصر سے چھپوا کر منگوائی گئی ہیں۔ تحفے میں دینے کے لئے لاجواب کتاب ہے۔ قیمت پانچ روپے آٹھ آنے ۔

Taj Tahir Foundation

# پردہ

## قرآنی نقطۂ نظر سے!

از

سید امتیاز علی تاجؔ

عام طور سے لوگوں کو معلوم نہیں کہ اسلامی پردے کے مسئلے کو سمجھنے اور پیش کرنے میں کیا کیا باتیں دانستہ یا نادانستہ نظر انداز کر دی جاتی ہیں۔ قرآنِ مجید میں پردے کے متعلق جتنی بھی آیات موجود ہیں۔ اس کتاب میں ان میں سے ایک ایک کو لے کر خالص منطقی انداز میں ایسی خوبی و دلچسپی سے بحث کی گئی ہے۔ کہ ہر ہر بات دل میں اُترتی چلی جاتی ہے۔ لکھنے اور مسئلہ پیش کرنے میں جدید مغربی صحافت کا وہ انداز اختیار کیا گیا ہے۔ جس کے باعث بقول شخصے کتاب پڑھی نہیں جاتی نگلی جاتی ہے۔ آپ یقین فرمایئے کہ اسلامی پردے کے مسئلے پر آپ نے ایسی مدلل و مفصل اور خوبی و خوش اسلوبی سے لکھی ہوئی کتاب نہ پڑھی ہوگی۔ اس کے مطالعے سے ہر مسلمان مرد اور عورت کو اسلامی پردے کی حدود کا نہایت صحیح علم ہو سکے گا۔ اور ہماری قومی تعمیر میں بے حد قابلِ قدر امداد پہنچا سکے گا۔

قیمت آٹھ آنے

سیّد امتیاز علی تاؔج مصنف انارکلی

کے قلم سے

# قرطبہ کا قاضی

اور

# دُوسرے یک بابی کھیل

پہلی بار چھپ کر تیار ہے۔ اس مجموعے میں شوقیہ کام کرنے والوں کے لئے مختلف نوعیت کے یہ پانچ یک بابی کھیل ہیں:۔

(۱) قرطبہ کا قاضی (ٹریجیڈی)

(۲) خوشی (کامیڈی)

(۳) دندان ساز کی کرسی میں (ہنسی پیدا کرنیوالا کھیل)

(۴) بوکس اور کوکس (فارس یعنی نقل) اور

(۵) صید و صیّاد (ایک رومانوی کھیل)

شوقیہ کام کرنے والوں کی ضرورتوں مشکلوں اور مجبوریوں کو مدنظر رکھ کر تاؔج نے پانچ ایسے نفیس۔ پختہ اور کم خرچ کھیل پیش کئے ہیں جن میں سے ایک ایک اسٹیج پر غیر معمولی کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ پڑھنے والوں کیلئے ان کھیلوں کی زبان میں وہ ڈرامائی لذت ہے جو اس میدان میں تاؔج کے سوا اور کسی کو نصیب نہیں۔ قیمت دو روپے

Taj Tahir Foundation

# دینیات

تصانیف شمس العلماء مولوی سید ممتاز علی صاحب مرحوم و مغفور

## * تفصیل البیان فی مقاصد القرآن

آپ کے گھر میں قرآن مجید بھی موجود ہے۔ اور آپ اس کی تلاوت بھی فرماتے ہیں۔ لیکن اگر آپ چاہیں۔ کہ قرآن مجید میں سے کسی خاص موضوع مثلاً سرمایہ داری کے متعلق تمام آیات کو ترتیب کیساتھ ایک جگہ جمع کر لیں۔ تاکہ اس کی تمام جزئیات کو پورے کا پورا ایک جگہ پڑھ سکیں۔ تو یہ آپ کیلئے کسی طرح ممکن نہ ہوگا، اس کی وجہ ظاہر ہے۔ کہ قرآن مجید نہ تو بیک وقت نازل ہوا۔ اور نہ اس کا نزول اس طریق پر ہوا۔ کہ کسی ایک موضوع کو لے کر اسے ایک ہی موقع پر اول سے آخر تک پورا کر دیا جاتا۔ اور پھر کوئی دوسرا موضوع شروع ہوتا، صورت یہ ہے کہ قرآن میں ایک حقیقت کی تعلیم ایک آیت میں شروع ہوتی ہے۔ دوسری جگہ کسی سورۃ میں اس پر کچھ اضافہ ہوتا ہے۔ پھر تیسرے مقام پر کوئی استثنا یا قید یا شرط بڑھائی جاتی ہے۔ پھر کہیں تکمیل یا تتمہ ہوتا ہے، اسی طرح ایک مسئلہ قرآن کے مختلف مقامات میں پھیلا ہوتا ہے۔ اس کی پوری حقیقت سمجھنے کیلئے

اس کے متعلق جملہ آیات کو ایک جگہ فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاکہ مکمل حقیقت سمجھ میں آسکے ۔

شمس العلماء مرحوم کو ابتداء سے خیال تھا کہ قرآنی مضامین کا ایک جامع اور مکمل اشاریہ (انڈکس) تیار کیا جائے۔ تاکہ طلباء واعظین لیکچرار اور ایسے سیاسی رہنما۔ ملکی لیڈر اور عوام مسلمین جنہیں خود قرآن مجید پر زیادہ گہری نظر سے غور وفکر کرنے کا موقع نہیں مل سکا۔ وہ ایک نظر میں اس کی پاک تعلیمات کی حقیقی اہمیت کا اندازہ کرسکیں ۔

کتاب میں ضمنی عنوانات پانچ ہزار سے بھی زیادہ ہیں۔ نئے نئے عنوانات تلاش کرنے میں بے حد غور وخوض سے کام لیا گیا ہے۔ آیات کا حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ہر آیت کے ساتھ ایک خط ڈال کر اس کے نیچے سورت اور اوپر آیت کا نمبر دے دیا گیا ہے۔ تاکہ قرآن مجید میں دیکھنے پر دقت نہ ہو۔ ہر آیت کے نیچے اس کا اردو ترجمہ بھی درج ہے ۔

تفصیل معلوم کرنے اور نمونہ دیکھنے کے لئے پمفلٹ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن مفت طلب فرمائیے تفصیل البیان مندرجہ ذیل سات حصوں میں ہے :-

| | |
|---|---|
| ۱۔ کتاب العقائد۔ | ۵۔ کتاب الاخلاق۔ |
| ۲۔ کتاب الاحکام۔ | ۶۔ کتاب بدء الخلق۔ |
| ۳۔ کتاب الرسالت | ۷۔ کتاب القصص |
| ۴۔ کتاب المعاد۔ | |

ساتوں حصے دو مجلد جلدوں میں قیمت ۴۰ روپے

# ٭ تذکرۃ الانبیاء

دینی تعلیم میں نبیوں کے قصے جاننا ہر مسلمان مرد۔ عورت اور بچے کے لئے نہایت ضروری ہے۔ نبیوں کے قصوں کی جو کتابیں اردو میں موجود ہیں۔ ان میں اوّل تو دُور از قیاس قصّوں پر زور دیا گیا ہے۔ دوسرے مختلف روایتوں کی اتنی بھرمار ہے کہ پڑھنے والا پریشان ہو جاتا ہے۔ اور ان سے نبیوں کے صحیح حالات کا علم حاصل نہیں ہوتا۔ یہ کتاب تحقیق کی محنت و کاوش سے لکھی گئی ہے۔ اس کا اصل ماخذ تو قرآن مجید و توریت ہے۔ مگر بنظر مزید اطمینان و تصدیق تمام قرآنی قصّوں کا مقابلہ دیگر صحف انبیاء و تالمود اور مدراس سے کیا گیا ہے۔ اور ضعیف روایتوں کو ترک کر کے صحیح ترین روایات اختیار کی گئی ہیں۔ اور ہر نبی کا زمانہ تحقیق کر کے ان کے حالات کے شروع میں سن بعثت یا ولادت لکھا گیا ہے۔ اس موضوع پر اس وقت اس سے بہتر و مستند کتاب موجود نہیں۔ پچھلے اڈیشن کی صرف چند جلدیں باقی ہیں۔ قیمت ۳ روپے ٭

# ٭ اربعین

شمس العلماء مولوی سید ممتاز علی کی منتخب کی ہوئی چالیس حدیثیں اس انتخاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں صحیح عقائد۔ صحیح اخلاق اور صحیح اعمال کے متعلق حضورؐ کے ارشادات جمع کئے گئے ہیں۔ اور اگر

کوئی مسلمان ان چالیس حدیثوں پر عمل کرے تو وہ دعوی کر سکتا ہے۔ کہ اس نے حضورؐ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کیا۔ اور حضورؐ کے منشاء کو پورا کر دیا۔ قیمت بارہ آنے ؎

## * ردّ الملاحدہ

حضرت امام غزالی سے دہریوں نے پوچھا۔ کہ خدائے تعالیٰ تو ہر چیز سے بے نیاز ہے۔ پھر ہمیں عبادت کا حکم دینے کی اسے کیا احتیاج تھی۔ اور اگر اس نے یہ حکم ہماری بھلائی کے لئے دیا۔ تو کیا وہ قادرِ مطلق ہو کر اتنی طاقت نہ رکھتا تھا کہ بے عبادت کے ہم کو نجات دے دیتا؟ ان اعتراضوں کا جواب امام صاحب نے نہایت عمدگی سے دیا۔ مع حواشی مفیدہ از مولوی سید ممتاز علی صاحب۔ ان حواشی میں عذاب و ثواب کی حقیقت بیان کی گئی ہے ــــــ قیمت ساڑھے بارہ آنے ؎

## * سبیل الرشاد

عید میلاد پہلے پہل منانے کی تحریک شمس العلماء مولوی سید ممتاز علی صاحب نے اسلامی دنیا میں پیش کی تھی۔ یہ تحریک کب اور کیونکر شروع ہوئی۔ اس پر تمام موافق و مخالف مضامین کا بصیرت افروز مجموعہ۔

قیمت دو روپے آٹھ آنے

# علوم

## عام فہم کتابیں

انگریزی میں ہوم یونیورسٹی لائبریری سیریز اور ایوری مینز لائبریری اور عام فہم علمی کتابوں کے کئی دوسرے ایسے سلسلے موجود ہیں۔ جن کے مطالعے سے ایک عام شخص جو ان علوم سے قطعی ناواقف ہوتا ہے۔ اپنا دائرہ علم خود وسیع کر لیتا ہے۔ اور تعلیم یافتہ اور باخبر لوگوں میں شمار ہونے لگتا ہے۔ اس ضرورت کو مدِّنظر رکھ کر دار الاشاعت پنجاب لاہور مندرجہ ذیل کتابیں ماہرینِ علوم سے لکھوا کر شائع کر چکا ہے۔ اور اب دوسرے علوم پر کتابیں تیار کروا رہا ہے۔

## ہماری روزمرّہ زندگی

جن لوگوں کو کالج میں معاشیات (اکانومکس) کے مطالعے کا موقع میسر نہیں آیا۔ وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ زمانہ موجودہ کی ساری سیاست کیونکر اس کے مسائل کے ارد گرد گھوم رہی ہے۔ اس کتاب میں معاشیات کے بنیادی اصولوں کو ایسے دلچسپ انداز میں سلاست اور روانی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ کہ کتاب ختم کئے بغیر ہاتھ سے نہیں رکھی

Taj Tahir Foundation

جاتی ہے۔ اور کتاب ختم ہونے کے بعد ایک اہم علم کے مسائل پر سہولت سے قدرت حاصل ہو جانے سے حیرت بھی ہوتی ہے۔ اور مسرت بھی۔ از پروفیسر چمن لال کپور ایم۔اے۔ سابق پروفیسر معاشیات و تاریخ گورنمنٹ کالج لاہور۔ قیمت ۲ روپے ۴ آنے *

## * نباتات اور نباتی خوراک

جن لوگوں نے علم نباتات (باٹینی) کی باقاعدہ تعلیم نہیں پائی۔ ان کے دل میں اس علم کے سلسلے میں عموماً کئی ایسے سوال پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ جن کا حل انہیں کسی طرح نہیں سوجھتا۔ اس کتاب میں علاوہ ابتدائی اصولوں کے علم نباتات کے متعلق تمام ضروری اور اہم اور کارآمد واقفیت بہم پہنچادی گئی ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی اسے دلچسپ بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ اس کے مطالعے کے بعد روزانہ زندگی میں کئی نئی دلچسپیوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ از پروفیسر موہن لال سیٹھی ایم۔اے۔ لیکچرار نباتات۔ تین روپے آٹھ آنے *

## چوپائے اور انسان

علم حیوانات (زوآلوجی) پر ایک دلچسپ کتاب جس میں تمام مشہور چوپایوں پر مضامین لکھ کر اور ان کی خصوصیات پر توجہ دلا کر آخر میں حضرت انسان پر ایک مضمون ہے۔ جس میں مصنف نے لکھا ہے۔ کہ

اگر سیارہ مریخ سے کوئی سائنسدان ہماری دُنیا میں آجائے۔ تو وہ انسان گوریلا اور چمپینزی کی مشابہت کو دیکھ کر ان سب کو ایک ہی جماعت میں رکھے۔ اور اس بات پر حیران ہو کہ اس دنیا میں رہنے والے سائنسدانوں نے بہت صدیوں تک ایسا کیوں نہیں کیا! اور جب ایسا کیا۔ تو دُوسرے لوگوں نے ایسی اونچی صدائے احتجاج کیوں بلند کی"۔ از پروفیسر موہن لال سیٹھی ڈی۔ ایس سی۔ سابق پروفیسر علم الحیات۔ گورنمنٹ کالج ہوشیار پور۔ قیمت دو روپے۔

## قدیم تہذیبیں

مصر۔ بابل واسوریا۔ ایران۔ یونان۔ رومۃ الکبریٰ اور کارتھیج کی عظیم و قدیم تہذیبوں کے متعلق آثارِ قدیمہ اور دُوسرے تمام ذرائع سے جو معلومات حاصل ہوئی ہیں۔ ان سب کا معلومات افروز بیان سالک کے شگفتہ قلم سے۔ گنتی کی چند جلدیں موجود ہیں۔ قیمت ۲ روپے ۱۲ر

## کیڑے مکوڑے

جن عالموں نے حشرات الارض کے مطالعے میں عُمریں صرف کر ڈالی ہیں۔ ان کے مشاہدات کا بیان پڑھا جائے تو ان حشرات الارض کی حیرت افروز زندگی کا حال پریوں کی کہانیوں سے بھی زیادہ دلچسپ معلوم ہوتا ہے۔ پھر ان کیڑوں مکوڑوں میں کئی ایسے ہیں۔ جو انسان کو نفع نقصان بھی پہنچاتے

ہیں۔ چنانچہ خود اپنی بہتری کے لئے ضروری ہے۔ کہ ان کے مفصّل حالات اور نفع نقصان کی تفصیل معلوم ہو۔ اس کتاب میں شہد کی مکھی۔ چیونٹی۔ مکڑی۔ بھڑ اور مکھی کی مفصّل داستانِ حیات ایسی سلاست۔ روانی اور دلچسپی سے بیان کی گئی ہے۔ کہ کتاب شروع کر کے ہاتھ سے نہیں رکھی جاتی۔ از پروفیسر رام سروپ کوشل ایم۔ اے۔ قیمت ۲ روپے ۱۲ آنے ؞

# پرندے اور اُن کی زندگی

اس سلسلے کی یہ کتاب ختم ہو چکی ہے۔ نیا اڈیشن زیر طبع ہے ؞

# اگر آپ کو

عام فہم علمی کتب کے مطالعے سے دلچسپی ہے۔ تو از راہِ نوازش ایک کارڈ لکھ کر ہمیں مطلع فرما دیجئے۔ تاکہ ہم آپ کا اسمِ گرامی اپنے ہاں کے رجسٹر میں درج کر لیں۔ دار الاشاعت پنجاب لاہور عام فہم علمی کتابیں شائع کرنے کا بہت قابلِ قدر پروگرام مرتب کر رہا ہے۔ چنانچہ آپ جیسے علم دوست کا ہم سے اور آپ کا دار الاشاعت پنجاب لاہور کی علمی مطبوعات سے تعارف ہو جانا بہت مناسب ہوگا ؞

Taj Tahir Foundation

# تصانیف بیگم حجاب امتیاز علی

## اندھیرا خواب

اگر صوفی کے خواب اندھیرے تھے تو اس کی وجہ تھی ٭

اگر ریحانی کی نکٹائی کا رنگ سرخ تھا۔ اور صوفی اسے دیکھ کر وحشی درندے کی طرح اپنے عاشق پر حملہ آور ہو گئی تھی۔ تو اس کا مقصد تھا

اگر ایک طرف ریحانی کی پاکیزہ محبت اور دوسری طرف شرابی کی سرخ آنکھیں اسے وارفتہ کر دیتی تھیں۔ تو اس کے گہرے معنی تھے ٭

زندگی کا کوئی لمحہ اور انسان کی کوئی حرکت بے معنی یا بے مقصد نہیں ہوتی ٭

یہ حجاب امتیاز علی کا وہ معرکۃ الآرا ناول ہے۔ جسے پڑھ کر دو عالمان تجزیہ نفس (ڈائرکٹر مینٹل کلینک پاکستان) اور (ممبر پونسلو سائیکلوجیکل ریسرچ سوسائٹی انڈیا نے متفق الرائے ہو کر کہا۔ کہ یہ تجزیۂ نفس اور فساد اعصاب کے موضوع پر ایک ایسا اچھوتا اور دلچسپ ناول ہے کہ کسی یورپین زبان میں بھی نظر سے نہیں گذرا ٭

معالج نفس پروفیسر پرس رام اس کے متعلق لکھتے ہیں۔" یہ پہلا ناول ہے جو جذباتِ انسانی کے تجزیے پر مبنی ہے۔ ہماری اندرونی دنیا

پہچاننے کے آثار ہماری تہذیب میں پیدا ہو رہے ہیں۔ حجاب امتیاز علی نے اپنے پلاٹ میں بیرونی دنیا کے واقعات کا استعمال نہایت کم کیا ہے جس کامیابی سے مصنفہ نے مرض کی علامات کو دلچسپی کا مرکز بنائے رکھا۔ وہ واقعی ان کی ذہنی بلوغت کا اظہار ہے۔ اور ان کے کامیاب فنکار ہونے کا ایک ثبوت ہے"۔ قیمت چار روپے آٹھ آنے۔

## ظالم محبت

تکونی محبت کے پلاٹ پر وہ مشہور معرکتہ الآرا ناول جس میں تین انسانی آوازیں بیک وقت چلا اٹھتی ہیں۔ کہ "زندگی کی یہ رات جاودانی نہیں انسان کا یہ رعنا خواب جگنو کی چمک ہے صبح سے پہلے اس کا طلسم نہ توڑو"۔
لیکن طلسم ٹوٹتے ہیں۔ روشنیاں مدھم پڑتی ہیں۔ اور زندگی کی راہیں فانی ثابت ہوتی ہیں۔ اس کے باوجود انسان اور اس کی محبت ابدی معلوم ہوتی ہے۔ قیمت چار روپے چار آنے۔

## خلوت کی انجمن

ایک دیوانے کے متعلق سنئے۔

"مجھے ایک دیوانے کا حال معلوم ہے بسرت دن رات اس کے گرد ناچا کرتی تھی۔ رات کے وقت وہ گھنٹوں آسمان کے تاروں کو یوں گھورا کرتا تھا۔ جیسے وہ انہیں توڑنے کی تجویزیں کر رہا اور تدبیر سوچ رہا ہو۔

بہار کے بادلوں کے متعلق :-

"جب بہار کے بادل کائنات پر برستے ہیں تو آدمی بالکل نہیں بھیگتا ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے پریوں کے آنسو ٹپک رہے ہوں"۔

بیمارِ غم کا کمرہ :- "خزاں کی رات کی طرح اداس تھا"۔

اُلّو :- "حکمائے یونان کی طرح سر جھکائے کیا سوچ رہا ہے"؟

حجاب امتیاز علی کے اس انداز کے بیسیوں مضامین ہیں جن کی دلاویزی صرف محسوس کی جاسکتی ہے۔ جن کی نقل نہیں اتاری جاسکتی۔ بہت تھوڑی تعداد میں باقی ہے۔ قیمت ۲ روپے چار آنے

# میری ناتمام محبت

اگر آپ نے کسی سے محبت نہیں کی۔ تو آپ اپنی زندگی کے حسن اور اس کے معنوں سے ناواقف ہیں۔ ایک فلسفی نے کبھی سر ہلا کر کہا تھا "زندگی میں ایک بار محبت کر کے اسے کھو دینا کبھی محبت نہ کرنے سے بدرجہا بہتر ہے"۔

آہ۔ اس بوڑھے فلسفی نے ٹھیک کہا تھا ——— !

"کیونکہ سورج نصف النہار پر تھا۔ قبرستان میں شدت کی تمازت محسوس ہو رہی تھی۔ میں قبروں پر سے آہستہ آہستہ ایک ایک کتبے کو پڑھتی ہوئی یوں گذر رہی تھی جیسے کوئی مشی النوم کا مریض گذر رہا ہو۔ اچانک میری نگاہ ایک بھورے پتھر پر جا کر گڑ گئی۔ جس پر کندہ تھا:-

Taj Tahir Foundation

"یہ اس کی آرام گاہ ہے جس کی موت ناکامیٔ عشق کے باعث واقع ہوئی ——— !!"

حجاب امتیاز علی کی یہ ناتمام محبت وہ جادو نگار رومان ہے۔ جس نے محبت کے ماروں کو بے قابو کر دیا تھا۔ تو نا آشنائے لذتِ عشق افراد کی آنکھیں کھول دی تھیں ——— میری ناتمام محبت۔ قیمت ۲ روپے ۱۲ ار

# حجاب امتیاز علی کی دوسری تصانیف

## جن کے نئے ایڈیشن زیر طبع ہیں

۱۔ صنوبر کے سائے اور دوسرے رومانوی افسانے۔

۲۔ تحفے اور دوسرے شگفتہ افسانے۔

۳۔ لاش اور دوسرے ہیبت ناک افسانے۔

۴۔ کاؤنٹ الیاس کی موت اور دوسرے ہیبتناک افسانے۔

۵۔ ممی خانہ اور دوسرے ہیبت ناک افسانے۔

اگر ان میں سے کوئی کتاب آپ کی لائبریری میں موجود نہیں تو ابھی سے اپنی فرمائش رجسٹر میں درج کرا دیجئے۔ بہت زیادہ فرمائشیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اور ان کتابوں کی مانگ اتنی زیادہ ہے اور ان کے شائع ہونے پر اور اس قدر زیادہ فرمائشیں آنے کی امید ہے کہ نئے ایڈیشن بہت جلد ختم ہو جائینگے ؛

# تصانیف سیّد امتیاز علی تاجؔ

## انار کلی

دورِ حاضر کا سب سے عظیم عشقیہ المیّہ

تین ایکٹ کا ایک ڈراما جس میں چاہنے والوں کی کتابِ زندگی کے تین ہی اہم باب ہیں:۔

(۱) عشق (۲) رقص (۳) موت۔

عشق۔ "ہم دونوں ایک دوسرے کے سینے سے چمٹے ہوئے ہوں۔ تو پھر کوئی خوف نہیں۔ آسمان ہمیں کھینچ لے۔ اور ہم نئی روشنیوں میں اُٹھتے چلے جائیں۔ زمین ہمارے پیروں کے نیچے سے سرک جائے۔ اور ہم نامعلوم اندھیرے میں گرتے چلے جائیں۔ تمہارے بازو ڈھیلے نہ پڑیں۔ تو یہ سب شیریں ہوگا۔ انار کلی۔ بے انتہا شیریں"

رقص "جشن کی رات؟ —— ہاں ہاں وہاں تم تھے۔ میری عمر بھر کی آرزو روشنیوں اور خوشبوؤں میں سیم بن کر بیٹھی ہوئی تھی —— اور میں تھی۔۔۔ بس تم تھے اور میں تھی ۔۔۔۔۔ میں تھی اور تم تھے۔ میں گا رہی تھی۔ تم مسکرا رہے تھے۔ میں ناچ رہی تھی۔ تم جھوم رہے تھے اور جنت زمین پر اُتر آئی تھی۔ کاش میں اسی جنت میں گیت اور ناچ

Taj Tahir Foundation

بن کر رہ جاتی ":

**موت** :۔ "شیخو کا کوئی باپ نہیں ۔ وہ مرچکا ۔ تم ہندوستان کے شہنشاہ ہو ۔ جہاں بانی کے باپ ۔ دولت کے باپ ۔ تم قاتل ہو ۔ انار کلی کے قاتل ۔ سلیم کے قاتل ۔ تمہاری پیشانی پر خون کی مُہریں ہیں ۔ تمہاری آنکھوں میں جہنم کے شعلے ہیں ۔ تمہارے سانس میں نعش کی بُو ہے ":

حرم سرائے مغلیہ کی شوکت و تجمل میں ایک ناچیز کنیز کی داستان عشق جس کے رقص نے ہندوستان کے تخت سلطنت کو لرزا دیا جس کے نغمے نے ایوان شاہی میں شعلے بھڑکا دیئے ۔ جس کے حسن نے جگر گوشۂ مغلیہ کے حواس چھین لیئے ۔

اس بیحد مقبول و معروف ڈرامے کا اٹھارواں ہزار چھپ کر تیار ہے ۔ جو لوگ اسے ریڈیو پر سُن کر پڑھنے کے لئے بیتاب تھے ۔ فوراً طلب کریں ۔ قیمت ساڑھے چار روپے ۔

---

# چچا چھکّن

سید امتیاز علی تاج کا یہ مزاحیہ کردار اس قدر شہرت پا چکا ہے کہ چچا چھکّن کا نام آج ہر ایک کی زبان پر چڑھ چکا ہے ۔ اور کئی دوسرے

مصنفین بے اختیار ہو کر تاج کے اس کردار پر طبع آزمائی کر رہے ہیں۔ دوسری کتابوں تک میں اس زندہ جاوید کردار کے متعلق ایک دو مضامین درج کرنا ضروری سمجھا جانے لگا ہے۔ اس کتاب میں چچا چھکن کے سارے کے سارے کارنامے آپ کو یکجا مل جائینگے۔ عرصے سے یہ کتاب ختم تھی۔ اب نیا ایڈیشن چھپ کر تیار ہوا ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے *

# ہیبت ناک افسانے

فرانس کا شہرۂ آفاق مختصر افسانہ نویس مورس لیوال طنز و دہشت کے افسانے اس قدر موثر اور ترشے ترشائے لکھتا اور آخری اچنبھا ایسے استادانہ کمال سے پیدا کرتا ہے۔ کہ پڑھنے والا داد دینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ رسالہ مخزن نے اس کتاب پر ریویو کرتے ہوئے لکھا تھا:۔

"مورس لیوال کی کہانیوں کے متعلق مشہور ہے کہ ان میں ایک لفظ بھی ضرورت سے زیادہ استعمال نہیں کیا گیا۔ لیکن ترجمے کے متعلق کہنا پڑے گا۔ کہ اس میں ایک نقطہ بھی ضرورت سے زیادہ استعمال نہیں کیا گیا۔ اور یہ ترجمہ نہ صرف مترجموں بلکہ بڑے بڑے ادیبوں کو مشعلِ ہدایت کا کام دے گا" قیمت دو روپے چھ آنے *

---

Taj Tahir Foundation

# لیلیٰ

یا

## محاصرۂ غرناطہ

لارڈ لٹن کے اس عبرت انگیز اور معرکۃ الارا ناول کا ترجمہ جسے کبھی جسٹس محمود نے سرسید احمد خان کے "تہذیب الاخلاق" میں ترجمہ کرنا شروع کیا تھا۔ مگر پھر ترجمے کی مشکلات سے پریشان ہو کر یہ خیال ترک کر ڈالا تھا۔ تاج نے نہ صرف اس ڈرامائی ناول کا مکمل ترجمہ کیا ہے بلکہ لارڈ لٹن کے طرز نگارش کو بھی اردو میں اس خوبی سے منتقل کیا ہے۔ کہ انگریزی کی اجنبیت نہ ہوتے ہوئے اندازِ تحریر میں غیر معمولی شکوہ اور ولولہ انگیز ڈرامائی انداز آ گیا ہے۔ (مزید تفصیل کیلئے ملاحظہ فرمائیے صفحہ ۲۱)۔ قیمت پانچ روپے ؂

## اگر آپ کو

سیّد امتیاز علی تاج

کا ڈراما انارکلی پسند آیا ہے۔ تو ہمیں مطلع فرمائیے۔ سید امتیاز علی تاج کے کئی ڈرامے طباعت کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔ اگر آپ اپنا نام رجسٹر میں درج کرنے کی ہدایت ارسال فرمائیں گے۔ تو سید امتیاز علی تاج اور دوسرے مصنفین کے ڈرامے طبع ہونے کی اطلاع برابر آپ کی خدمت میں پہنچتی رہے گی

# نئی الف لیلہ

انگریزی کے فقید المثال مصنف آر۔ ایل۔ اسٹیونسن نے " نیو اریبین نائٹس " کے نام سے جو رومانی داستانیں لکھی تھیں انہیں اردو کے نامور انشار پرداز مولانا عبدالمجید سالک نے بڑی خوبی اور شگفتگی کے ساتھ اُردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اس سلسلے کی مندرجہ ذیل تین کتابیں ہیں :۔

## خودکشی کی انجمن

ایک پُراسرار انجمن کا سنسنی پیدا کرنے والا افسانہ جسے ایک جرائم پیشہ شخص نے اس غرض سے قائم کر رکھا تھا۔ کہ دنیا کے مایوس اور کم ہمت لوگوں سے روپیہ وصول کر کے ان کے لئے خودکشی کے مواقع بہم پہنچایا کرے۔ بوہیمیا کا شہزادہ اس انجمن کا ممبر بن گیا۔ اور موت سے بال بال بچ کر اُس نے اس دہشتناک اور ناپاک محفل کا خاتمہ کر دیا۔ قیمت ۲ روپے ۲ ر

## راجہ کا ہیرا

ایک ہیرا جو مشرق سے مغرب میں پہنچا۔ وہاں جس کسی کے ہاتھ میں گیا اس پر مصائب کا طوفان لے آیا۔ کئی حریص اس ہیرے کی تاک میں تھے۔ اور اسے عجیب وغریب تدبیروں سے اڑا لیتے تھے۔ مگر وہ کسی

کے پاس زیادہ دیر رہنے نہ پاتا تھا۔ آخر مختلف لوگوں کے ہاتھوں میں ہوتا ہوا وہ بوہیمیا کے شہزادے کے ہاتھ لگا۔ اور اس نے ہمیشہ کیلئے اس ہیرے کا قصہ ختم کر دیا۔ بے حد دلچسپ اور عجیب وغریب پُراسرار واقعات کہیں کہیں مذاق کے چھینٹے۔ اور بے حد دلفریب اندازِ بیان۔ قیمت۔ دو روپے چار آنے ٭

## قصرِ ساحل

خوفناک جنگلوں کی تاریکی میں ایک قصر تھا جو مدت سے ویران پڑا تھا۔ آخر ایک رات اس کے دریچوں میں روشنیاں حرکت کرتی ہوئی نظر آئیں۔ اور اس ویرانے میں سنسنی پیدا کرنے والے واقعات کا ایک حیرت انگیز سلسلہ شروع ہو گیا۔ حسن وعشق اور نفرت وانتقام کے جذبات کیسی کیسی مہیب صورتیں اختیار کر لیتے ہیں۔ اگر یہ دیکھنا ہو۔ تو اس ویران قصر کی پُراسرار داستان ایک بلند مرتبہ انشا پرداز کی زبان میں دیکھئے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے ٭

## اگر آپ کو

انگریزی کے کلاسیکی ادب کے ترجموں سے دلچسپی ہے۔ تو اپنا پتہ ہمارے ہاں رجسٹر میں درج کرا دیجئے۔ تاکہ اس نوع کی جو نئی کتاب شائع ہو۔ یا پرانی کتاب ہمیں مل سکے۔ ہم اس کے متعلق آپ کی خدمت میں اطلاع روانہ کر سکیں ٭

# ادبی ناول مختصر افسانے اور دوسری تصانیف

## خوابِ ہستی

مرزا محمد سعید ایم۔ اے کا مستغنی عن التعریف ناول۔ ایک ذہین نوجوان ہو کمزور طبیعت اور شاعرانہ خیالات سے متاثر ہو کر دامِ محبت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ اس کا پہلا تجربہ اسی قسم کا ہے جس کا اتفاق اکثر رنگین مزاج نوجوانوں کو ہوتا ہے۔ لیکن دوسرا تجربہ ایک معمّا ہے۔ اس کے دونوں تجربات مختلف وجوہ سے ناگوار ثابت ہوتے ہیں۔ اور یاس کی تاریکی اسے چاروں طرف سے گھیر لیتی ہے۔ اسے نہ صرف دنیا میں کامیابی کی کوئی امید باقی نہیں رہتی۔ بلکہ وہ عاقبت سے بھی مایوس ہو جاتا ہے۔ اور اس کی عقیدے کی دیوار جو پہلے ہی متزلزل تھی بالکل بیٹھ جاتی ہے۔ اس کے قلب کی تاریکی ہولناک شکلوں میں اسے ڈراتی ہے۔ اور اس تاریکی میں اسکی روح طفلِ شیرخوار کی طرح روشنی کے لئے ہاتھ پیر مارتی ہے۔ ایسے نازک وقت میں مذہب کا آفتابِ عالمتاب اس کی تاریکی کو نور سے بدل دیتا ہے۔ ادب اردو کا پہلا بلند مرتبہ ناول جس کے شائع ہونے پر کہا گیا تھا کہ جارج میریڈتھ کے ناولوں کی ٹکر کا ہے۔ قیمت چار روپے ؎

---

# یاسمین

مرزا محمد سعید ایم۔ اے کا دُوسرا ناول۔ ایک مصوّر کی دلاویز داستان محبت۔ (نیا اڈیشن زیر طبع)

# تصویر خانہ

پنڈت بشمبر ناتھ کوشک کے زندہ جاوید افسانوں نے ہندی زبان میں ادب کی اس صنف کو بیحد ہر دلعزیز بنا دیا تھا۔ ان کا ہر مختصر افسانہ نپے تُلے الفاظ میں ہیرے کی طرح ترشا ترشایا ایک شاہکار ہے ہندی کے ادبی رسائل میں جب کوشک کے افسانے شائع ہوئے تھے۔ تو ان کی دھوم مچ گئی تھی۔ اسی بے نظیر مقبولیّت کو دیکھ کر اس کتاب میں ان کے پچیس شاہکار ترجمہ کر کے شائع کئے گئے ہیں۔ ان کے مطالعے سے پڑھنے والے بھی از حد محظوظ ہونگے۔ اور کئی ایسے ادیب جو مختصر افسانے کی تکنیک پر قدرت نہیں رکھتے ادب کی اس صنف کی جملہ دلاویز خصوصیات سے واقفیت حاصل کر سکیں گے۔ بہت تھوڑی تعداد میں موجود ہے۔ قیمت حصّہ اول تین روپے۔ حصّہ دوم دو روپے بارہ آنے۔ ہر دو حصّہ پانچ روپے آٹھ آنے ؞

Taj Tahir Foundation

# چند متفرق تراجم

## شیخ حسن

روحانیات کے متعلق ایک الم انگیز ناول جو چشم دید واقعات پر مبنی ہے۔ دنیا میں جنوں کا وجود ہے یا نہیں؟ روحیں دنیا میں بلائی جاسکتی ہیں یا نہیں۔ ان روحوں کو عامل کس طرح بلاتے ہیں؟ روحوں کے اقتدار میں کیا کچھ ہے۔ سرزمین شام کی اس دردانگیز داستان میں شیخ حسن اور رشیدہ کا المناک انجام آنکھوں میں آنسو بھر لاتا ہے۔ عالم ارواح کا بیان بدن کے رونگٹے کھڑے کر دیتا ہے۔ اور مصطفےٰ اور علی دونوں بھائیوں کے کردار اس قدر عمیق۔ مکمل اور دلچسپ ہیں۔ کہ بہت کم اردو ناولوں میں پیش کئے گئے ہونگے۔ مترجمہ شمس العلماء مولوی سید ممتاز علی مرحوم قیمت ایک روپیہ بارہ آنے ؎

## چندر ہیرا

ولکی کولینس کا بے نظیر ناول۔ ایک ہندوستانی ہیرے کی سرگذشت جو سومناتھ کے مندر سے گم ہو کر یورپ پہنچتا ہے۔ اور وہاں بہت سے لوگوں کو مبتلائے مصیبت کرنے کے بعد واپس ہندوستان پہنچ جاتا ہے

عشق ووفا اور جرم واسرار کی حیرت انگیز داستان۔ یہ ناول نہایت دلچسپ پلاٹ کی تعمیر کے باعث پنجاب یونیورسٹی کے بی۔ اے (انگریزی) کے نصاب میں بھی داخل ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے ؎

## پیرس کے اسرار

یورپ کے سب سے رنگین شہر پیرس کے متعلق جرائم واسرار اور حسن و عشق کا بے حد رنگین ناول۔ شروع سے آخر تک ایسے ڈرامائی اور دردناک واقعات سے بھرا ہوا۔ کہ شروع کر لینے کے بعد ہاتھ سے رکھنا دشوار ہو جاتا ہے۔ فرانسیسی کا یہ عام پسند ناول جب پہلی بار انگریزی میں ترجمہ ہو کر شائع ہوا تھا۔ تو اس کی لاکھوں جلدیں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی تھیں ترجمہ رواں اور بے تکلف۔ قیمت دو روپے بارہ آنے ؎

---

# اسلامی تاریخ کے ناول

## قاسم بن سلیم
## یا
## حشیشین

خلیفہ مقتضی نے اپنے قصر شجر میں ولایت غزدین کے امیر کی دعوت کی تھی

کہ اسی تقریب میں ایک پراسرار ہاتھ نے امیر کے سینے میں خنجر بھونک کر اس کا کام تمام کر ڈالا۔ قاتل ہاتھ نہ آسکا۔ لیکن سب کو معلوم تھا۔ کہ اس جرم کی ذمہ دار ملحدوں کی وہ جماعت ہے جو حشیش کھاتی ہے۔ اور جس نے اپنے پیروؤں کو دام فریب میں پھنسائے رکھنے کے لئے ایک جنت ارضی بنا رکھی ہے۔ قاسم بن سلیم حشیشئین کا حال معلوم کرنے کے لئے اُن کے قلعے میں پہنچتا ہے۔ جو دُور دراز پہاڑوں میں "آشیانہ عقاب" کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ اس پرخطر اور پراسرار مقام میں جہاں ترغیبیں بھی تھیں اور گرد وپیش ہر وقت اور ہر آن پوشیدہ آنکھیں۔ کان اور خنجر بھی موجود تھے۔ قاسم بن سلیم پر کیا گذری۔ اور اس کے اور تھورا فریدہ کے عشق کا انجام کیا ہوا۔ اس کی تفصیل اس بے مثال تاریخی ناول میں پڑھئے۔ جو رومان۔ شجاعت۔ اور امید وبیم کے واقعات سے بھرا ہوا ہے۔

از فاطمہ بیگم اہلیہ مرزا محمد سعید ایم۔ اے۔ قیمت چار روپے آٹھ آنے

# لیلیٰ

## یا

## محاصرۂ غرناطہ

ہسپانیہ میں اسلامی تہذیب وتمدن کی آخری جھلک۔ مور خاندان کے فلسفی شہنشاہ ابو عبداللہ کا حسرت ناک انجام۔ تحفظ وطن ومذہب کیلئے غرناطہ کے مردمیدان موسیٰ ابن ابی غازان کی سرگرم مساعی۔ عیسائیوں

کے محکمۂ احتساب کے ہولناک مظالم۔ حصولِ آزادی کے لئے یہودیوں کی دیوانہ وار کشمکش۔ اور مذہبوں اور سلطنتوں کی اس جدّوجہد کے درمیان لیئے۔ ایک مجنون یہودی کی معصوم دختر جو قوم یہود کو غلامی سے نجات دلانے کے لئے پروان چڑھائی گئی تھی غرناطہ کے مسلم مردِ میدان کے عشق میں مبتلا ہوگئی۔ واقعات کی رَو اُسے کہیں سے کہیں بہا لے گئی۔ اور وہ عیسائیت کی آغوش میں جاتی ہوئی اپنے نامراد باپ کے خنجر سے تمام ہوگئی۔ اندازِ تحریر کے شکوہ۔ افرادِ قصّہ کی سیرت کے مکمّل بیان اور صحیح تاریخی واقعات اور اثر و تاثیر کے لحاظ سے ادبِ اردو میں ایک یادگار اضافہ۔ از سید امتیاز علی تاج۔ گنتی کی چند جلدیں موجود ہیں۔ قیمت پانچ روپے

---

# وُہ ناول جن کے فلم بنے

## بدنصیب

فرانسیسی ناول نویس وکٹر ہیوگو کے غیر فانی شاہکار "لے مزرابل" کا ترجمہ باختصار۔ یہ ناول قوت و تاثیر کے اعتبار سے ایسا بینظیر ہے کہ کئی بار اس کا فلم بن چکا ہے۔ اور اب بھی علاوہ انگریزی کے اردو میں "کندن" کے نام سے سہراب مودی اس کا فلم تیار کر رہے ہیں۔ قیمت ۳ روپے آٹھ آنے

# تائیس

مصر کی ایک رقاصہ کی داستان۔ فرانس کے شہرۂ آفاق ناول نویس اناطول فرانس کے قلم سے۔ جسم و روح کا تصادم۔ نیکی اور بدی کا تضاد۔ اہرمن اور ہرمز کی جنگ جو زرتشت کے زمانے سے لے کر آج تک دینیات و روحانیات کے اسرار کی کلید ہے۔ اناطول فرانس نے دکھایا ہے کہ نیک و بد رجحان کیونکر ایک دوسرے کے ساتھ پیوست رہتے ہیں۔ اور ان کے اس رابطے کو قطعاً منقطع کرنے سے انسانی جدّوجہد قاصر ہے۔ ساری دُنیا اور ہر زمانے کی کتابوں میں ایک ممتاز کتاب مترجمہ مولوی عنایت اللہ بی۔ اے۔ ایک زمانے میں اس کتاب کا فلم عالمگیر شہرت حاصل کر چکا ہے۔ کئی پادریوں کی طرف سے اس فلم کی نمائش روک دئے جانے کا مطالبہ ہؤا تھا۔ قیمت پانچ روپے

# کارمن

یورپ کی شاید ہی کوئی زبان ایسی ہو جس میں فرانسیسی افسانہ نگار پراسپر میریمے کے اس افسانے کا ترجمہ نہ ہو چکا ہو۔ زمانۂ حاضرہ کے بہترین نقاد سینٹس بری کی رائے میں مواد کی دلکشی اور طرزِ ادا کے کمال کے اعتبار سے یہ افسانہ دُنیا کے بارہ بہترین مختصر افسانوں میں شمار ہونے کے قابل ہے۔ فلم میں ریتا ہے ورتھ نے کارمن کا کام بڑی خوش اسلوبی سے ادا

کیا تھا۔ اردو فلم جادو بھی اسی قصے پر بنایا گیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے

## محبِ وطن

جرمن ناول نگار الفریڈ نیومین کا یہ پرزور ناول "پیٹر یوٹ" کے نام سے اسٹیج کا ڈراما بھی بن چکا ہے۔ اور فلم کی صورت بھی اختیار کر چکا ہے۔ فلم میں ایمل جیننگ اور لوئی اسٹون نے اس درجہ تاثر آفرین کام کیا تھا۔ کہ لوگ بار بار یہ فلم دیکھتے اور کسی طرح سیر نہ ہوتے تھے۔ اس کا موضوع ہے ایک روسی محب وطن کے درد انگیز ایثار کی داستان قیمت ایک روپیہ چار آنے

## عذرا کی واپسی

عذرا ناول کی بے مثال کامیابی کے بعد رائیڈر ہیگرڈ نے عذرا ہی کے متعلق ایک دوسرا جدا ناول لکھا تھا۔ اسے محمد طاہر حسن صاحب بی۔ اے نے بڑے سلیقے سے اردو میں ترجمہ کیا ہے گنتی کی چند جلدیں باقی ہیں۔ اس ناول کا خاموش اور متکلم فلم بہت ذوق و شوق سے دیکھا گیا تھا۔ قیمت چار روپے آٹھ آنے

## عذرا

رائیڈر ہیگرڈ کا شاہکار "شی" جسے مولوی خلیل الرحمٰن صاحب مرحوم و مغفور نے استادانہ کمال کی ایسی خوبی سے اردو میں ڈھالا ہے کہ کسی اہل الرائے کو یہ کہنے میں مطلق تامل نہیں ہوتا کہ عذرا کے لطف و کیف کے سامنے اصل ناول اور اسکے جتنے بھی فلم بنے ہیں وہ کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔ نیا اڈیشن زیر طبع ہے۔

# سُراغرسانی کے ناول

جُرم و سُراغ کی کہانیوں سے عام دلچسپی دیکھ کر دارالاشاعت پنجاب لاہور نے سُراغرسانی کے نہایت اعلےٰ ناول منتخب کر کے اس سلسلے کو توسیع دینے کا ارادہ کیا ہے۔ اس وقت تک اس سلسلے میں یہ تین ناول شائع ہو چکے ہیں:۔

## خون کی پیاس

انگریزی کے ایک مشہور و مقبول ناول کا ترجمہ۔ ایک شخص جسے خون کی پیاس دیوانہ کر دیتی ہے۔ متعدد جُرم کرتا ہے۔ اور جُرم کے حیرت انگیز طریقے کام میں لا کر بڑے بڑے سُراغرسانوں کو عاجز بنا ڈالتا ہے۔ جو معمہ سُراغرسانوں کو سب سے زیادہ پریشان کرتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ صبح کو ایک شخص کا سر اس کے گھر میں دھڑ سے جُدا پایا جاتا ہے۔ اور دوپہر کو وہی شخص بینک میں ایک کثیر رقم کا چک بُھناتے دیکھا جاتا ہے۔ اس گتھی کو ایک نوجوان سُراغرسان بڑی قابلیت سے سلجھاتا اور قاتل کا سُراغ لگا لیتا ہے ایسا ناول جو شروع کر کے ہاتھ سے رکھنا ناممکن ہے۔ قیمت دو روپے بارہ آنے

## فینٹوما

سُراغرسانی کا یہ ناول فرانسیسی سے انگریزی میں ترجمہ ہوا۔ تو پہنچ کے

اڈیٹر نے اس پر ریویو کرتے ہوئے لکھا " میں اسے پڑھنے میں ایسا منہمک ہوا۔ کہ سونے کے مقررہ وقت کے بعد ڈیڑھ گھنٹہ جاگتا رہا + سفیر کے ایڈیٹر نے لکھا " مدت دراز سے ایسا اچھا ناول ہماری نظر سے نہیں گزرا۔ امید و بیم۔ خوف و دہشت اور سنسنی پیدا کرنے والے واقعات کا کمال۔ قیمت دو روپے ∴

# فینٹوما کا انتقام

فینٹوما کے متعلق ایک اور ناول۔ لوگ فینٹوما کو ایک فرضی اور وہمی ہستی سمجھتے تھے۔ لیکن خفیہ پولیس کے چیف انسپکٹر کا ایمان تھا۔ کہ پس پردہ اسی کا جرم آفرین دماغ کارفرما ہے۔ جوف اسے گرفتار کرنے کی کوشش کرتا اور عجیب طرح بار بار دھوکے کھاتا ہے۔ قیمت دو روپے چار آنے ∴

# اگر آپ کو

سراغ رسانی کے ناولوں سے دلچسپی ہے۔ اور اسی نوع کے کسی مطبوعہ ناول کی جو کسی دوسرے پبلشر کے ہاں چھپا ہو ضرورت ہے۔ تو اس کی فرمائش ہمیں بھیجئے۔ ہم اسے آپ کے لئے مہیا کرنے کی پوری کوشش کرینگے + اگر آپ چاہیں۔ تو ہم آپ کو اپنے ہاں کی اور دوسرے پبلشروں کی ہر نوعی کی مطبوعات کے متعلق باخبر بھی رکھ سکتے ہیں ∴

---

Taj Tahir Foundation

خواتین کے لئے کتابیں

# تصانیف محترمہ محمدی بیگم مرحومہ

محترمہ محمدی بیگم مرحومہ نے ۱۸۹۸ء میں خواتین کے لئے پہلا ہفتہ وار اخبار تہذیب نسواں جاری کرنے کے بعد ان کے لئے کئی بہت کار آمد اور مفید کتابیں بھی لکھی تھیں۔ یہ سب کتابیں مشرقی خیال کے شرفاء کے گھرانوں میں اس درجہ مقبول ہوئیں۔ کہ لڑکیوں اور عورتوں کی تربیت کے لئے معیاری کتابیں قرار پا گئیں۔ ان کتابوں کے کئی کئی ہزار کے بہت سے اڈیشن چھپ کر ختم ہو چکے ہیں۔ اس وقت ان میں سے مندرجہ ذیل کتابیں بہت تھوڑی تعداد میں برائے فروخت موجود ہیں۔

## * خانہ داری

جو شرفا اپنی دیسی وضع پر قائم ہیں۔ اور اپنے طرزِ زندگی میں بقدر ضروریاتِ زمانہ تہذیب جدید کی مفید و مناسب ترمیمات داخل کرا چکے ہیں۔ ان کے لئے روزمرّہ کی خانہ داری کے ایک ایک پہلو پر ایسے جامع مضامین اور کارآمد ہدایات جو وقت اور روپے کے نقصان سے بچاتی ہیں اور زندگی کو منظم۔ حسین اور باآسائش بناتی ہیں قیمت ۲ روپے ۸ آنے

# * آدابِ ملاقات

زنانہ میں ملاپ کے طریقے اور وہ ضروری آداب جو تہذیب یافتہ گھرانوں میں برتے جاتے ہیں۔ اور جن سے بخوبی واقف ہونا ہر ایسی لڑکی اور عورت کے لئے لازمی ہے۔ جو نہیں چاہتی۔ کہ لوگ پیٹھ پیچھے اسے غیر مہذب اور ناشائستہ کہیں۔ مہمانوں اور میزبانوں کے جدا جدا قاعدے تفصیل سے لکھے گئے ہیں۔ قیمت ایک روپیہ سات آنے ؛

# * نعمت خانہ

لذیذ اسلامی کھانوں کی مفصل ترکیبیں۔ اور باورچی خانے کے لوازم ادنے سے اعلےٰ تک سب کھانوں کی نہایت صحیح اور آسان ترکیبیں جو کئی کئی بار خود آزما لینے کے بعد کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ چند مشہور انگریزی کھانوں اور بیماروں کی غذاؤں کی ترکیبیں بھی بتائی گئی ہیں۔ اسکے علاوہ اچار۔ مربوں اور چٹنیوں کی ترکیبیں بھی لکھی گئی ہیں۔ کھانے پکانے کے متعلق اردو میں اس سے زیادہ صحیح اور مستند کتاب کوئی نہیں قیمت ۲ روپے

# * رفیق عروس

کتاب کیا واقعی نئی دلہن کی سہیلی ہے۔ سسرال میں پہنچنے کے بعد دلہن کو جن جن نئے مسئلوں اور مشکلوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ان میں اسکی

نہایت صحیح رہنمائی کرتی ہے۔ خوشی کے وقت ہمجولیوں کی طرح ہنسی خوشی کی شریک اور دکھ درد کے وقت دردمند سہیلی کی طرح مصیبت کی رفیق ہوتی ہے۔ ناتجربہ کاری میں پیاری ماں کی سی بزرگانہ نصیحتیں کرتی اور زمانے کا اونچ نیچ سکھاتی ہے۔ نئی بیاہی لڑکیوں کیلئے انمول کتاب قیمت ۲ روپے

## خوابِ راحت

بچّوں کو سلاتے وقت مسلم شرفاء کے گھرانوں میں عموماً لوریاں سُنائی جاتی ہیں۔ اس کتاب میں مشہور اور دلچسپ لوریاں اور بچّوں کو بہلانے اور خوش کرنے کے فقرے جمع کر دئیے گئے ہیں۔ قیمت بارہ آنے

## حیاتِ اشرف

بزرگوں کے حالات کا مطالعہ زندگی کو سنوارنے میں بہت امداد پہنچاتا ہے۔ اس کتاب میں بی بی اشرف النساء بیگم کی مبارک زندگی کے سبق آموز حالات ہیں۔ ان کے بزرگ شاہانِ مغلیہ کے زمانے میں ہندوستان میں وارد ہوئے تھے۔ اور وہ خود وکٹوریہ گرلز اسکول لاہور میں معلّمہ تھیں۔

قیمت سوا روپیہ

## سُگھڑ بیٹی

یعنی کنواری بچیوں کی سہیلی۔ ہر ماں اور ہر باپ کو اس سے زیادہ تردد اور کوئی نہیں ہوتا۔ کہ ان کی بچیاں صحیح طور سے پروان چڑھ کر ان کا

نام روشن کریں، جو بات ماں باپ کی خفگی اور خشک نصیحت نہیں کر سکتی۔ وہ یہ کتاب سرانجام دیتی ہے۔ لڑکیوں کی صحیح تربیت کے ایک ایک پہلو پر محبت و شفقت سے مناسب توجہ کرکے مخلصانہ کوشش کی گئی ہے کہ انہیں اپنی تمامتر ذمہ داریوں کا احساس ہو۔ قیمت تین روپے ٭

## * شریف بیٹی

ایک لکھی پڑھی شریف مگر غریب لڑکی کا موثر قصہ۔ جس نے مفلسی میں جان توڑ کر اپنی بیمار ماں کی خدمت کی۔ اور تعلیمیافتہ ہونے کے باعث اپنی مصیبت دور کرنے میں کامیاب ہو سکی۔ قیمت ایک روپیہ دو آنے

## * چندن ہار

ایک مانگے تانگے کے چندن ہار کے کھوئے جانے سے ایک میاں بیوی کن مصائب کا شکار ہوئے۔ جن لڑکیوں اور عورتوں کو قرض لینے کی عادت ہو وہ اس انوکھے۔ دلچسپ اور بہت مؤثر قصے کو جس کے انجام میں بڑا اچنبا ہے۔ ضرور پڑھیں۔ قیمت دس آنے ٭

## * آج کل

جو بہنیں اپنا آج کا کام کل پر ٹالتی رہتی ہیں ان کیلئے اس دردناک اور عبرت انگیز قصے کا مطالعہ از حد سبق آموز ہوگا۔ قیمت چودہ آنے ٭

Taj Tahir Foundation

## * صفیہ بیگم

ایک تعلیمیافتہ غمزدہ لڑکی کی دردناک داستان۔ جو عین اپنی شادی کے روز شدتِ غم سے ہلاک ہو گئی۔ عبرت نیز و رقت انگیز قصہ۔ (زیر طبع)

## * سچے موتی

لڑکیوں اور عورتوں کے لئے نظموں کا مجموعہ۔ جس میں ایک یتیم لڑکی کی عید۔ گڑیا سے رخصت۔ بن ماں کی بچی۔ چمکتا تارا۔ شجرِ امید وغیرہ بہت سی ایسی مؤثر نظمیں ہیں جنہیں پڑھ کر رقت طاری ہو جاتی ہے قیمت دو روپے چار آنے

## * انمول موتی

عورتوں کی ایک بہت مؤثر دعا۔ نظم میں۔ جو سچے موتی میں سے لیکر علیحدہ چھاپ دی گئی ہے۔ قیمت چار آنے

## پان کی گلوری

سچے موتی کی ایک دلچسپ اور پر لطف نظم ننھی سی کتاب کی صورت میں۔ قیمت ۲ر

Taj Tahir Foundation

# خواتین کیلئے ناول

## زہرا بیگم

بیگم حجاب امتیاز علی کی والدہ محترمہ عباسی بیگم مرحومہ کا معرکۃ الآرا استفہامی ناول۔ جس میں ایک تعلیم یافتہ متموّل خاندان کی لڑکی کی تاثر انگیز سرگزشت بیان کی گئی ہے۔ جسے والدین نے دولت کے لالچ میں زندہ درگور کر دیا تھا۔ قیمت چار روپے

## روشناں بیگم

محترمہ ا۔ظ حسن کا مقبول و معروف ناول جس میں ایک متمول خاندان کے حالات نہایت دلاویز پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ پُرانے اور نئے خیالات کا مقابلہ۔ سراغرسانی کی دلچسپیاں۔ قیمت چار روپے ۸ر

Taj Tahir Foundation

## اختری بیگم

یہ خیالی افسانہ نہیں بلکہ ایک واقعہ ہے۔ جسے اخبار تہذیب نسواں کی نامور مضمون نگار محترمہ ظفر جہاں بیگم صاحبہ نے اس خیال کی تردید میں لکھا ہے کہ مردوں کو نہ اپنا بھید عورتوں کو بتانا چاہئے نہ ان کے مشورے پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اس کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ بیوی عقلمند اور گھر

ہو۔ تو دنوں میں گھر کی کایا پلٹ دیتی ہے۔ اور اس کی رہنمائی شوہر کو کہیں کا کہیں پہنچا دیتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ۔

## ستارہ کی کجروی

ایک خودسر آزاد خیال لڑکی کا عبرتناک قصہ۔ جس نے اپنی مطلق العنانی کے باعث طرح طرح کی تکلیفیں جھیلیں۔ قیمت گیارہ آنے ۔

## شریف بیوی

ایک سچا اور سادہ پرانا قصہ جسے پڑھ کر معلوم ہوتا ہے۔ کہ اگر میاں بیوی مل کر کوشش کریں اور استقلال کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں تو کیونکر اپنا افلاس رفع کر کے امیر کبیر بن سکتے ہیں۔ قیمت ایک روپیہ ۔

## رانی کرونارت

چتوڑ کی رانی کی کہانی جو مغل شہنشاہ ہمایوں کو راکھی بھیج کر اس کی بہن بن گئی تھی۔ اپنی منہ بولی بہن کی مصیبت کے موقعے پر ہمایوں اسکی امداد کے لئے بھاگم بھاگ پہنچا۔ مگر بر وقت نہ پہنچ سکا۔ قیمت تین آنے۔

Taj Tahir Foundation

# خواتین کی دلچسپی کی کتابیں!

## گلدستۂ کروشیا

کروشیا کے فن کے متعلق اُردو میں نہایت عمدہ اور عام فہم کتاب۔ کروشیا کی شائق لڑکیوں کے لئے ایک نعمت۔ شروع میں نومشق لڑکیوں کے لئے کروشیا کے ابتدائی اصول ایسی سلاست سے بیان کئے گئے ہیں کہ ہر ایک کی سمجھ میں آجاتے ہیں، آخر میں بہت خوبصورت ڈیزائن دے کر ان کے بنانے کی ترکیب بہت تفصیل سے یوں بیان کی گئی ہے کہ ذہن نشین ہو جاتی ہے۔ اس کتاب کی امداد سے روزمرہ استعمال کی چیزیں بہت خوبصورتی سے بنائی جاسکتی ہیں۔ مصنفہ محترمہ فاطمہ بیگم انور علی صاحب بی۔اے۔ قیمت چار روپے ۔

## تہذیبی کروشیا

گلدستۂ کروشیا کی مصنفہ کی دوسری کتاب جو انہوں نے کئی دوسری معاونین کی امداد سے مرتب کی۔ اس میں طرح طرح کے بہت خوشنما ڈیزائن اور ان کے تیار کرنے کی موٹی ہدایات درج ہیں۔ ڈیزائنوں میں شیکسپیئر۔ دریا کے کنارے کا منظر۔ گڈریا مع بکری۔ سپاہی مع بندوق۔

Taj Tahir Foundation

طرح طرح کے پھول۔ بہت سے جانور۔ اور جھالریں اور کونے بہت کثرت سے ہیں۔ ڈیزائنوں کی تعداد ۱۳۷ ہے۔ انہیں واضح کرنے کے لئے کتاب بہت بڑے سائز پر چھاپی گئی ہے۔ قیمت چار روپے ؂

## تہذیبی کشیدہ

بنتِ فاطمہ مرحومہ اکبر آبادی کی بے مثال کتاب جس میں کشیدہ کاری کے متعلق ضروری اور ایسی مفید ہدایتیں درج ہیں جن سے مبتدی بھی مستفیض ہو سکتے ہیں۔ ساتھ بہت بڑی تعداد میں فریم اور ان کے کاڑھنے کی ترکیبیں درج ہیں۔ نمونے کی تصویریں بہت کثرت سے دی گئی ہیں۔ ہر نمونے کے بنانے کی ترکیب مفصل ہے۔ اور ان کے مناسب رنگ حسن مذاق سے تجویز کئے گئے ہیں۔ قریب قریب ہر نمونے کے ساتھ تین تین ترکیبیں لکھی گئی ہیں۔ کہ کشیدہ میں کونسی پھیر کیسے اور کس کس رنگ سے بنائی جائے گی۔ سلمہ ستارے سے بنانے میں کیا کیا اشیاء درکار ہوں گی۔ اور ربن سے بنانے کا طریقہ کیا ہے۔ ہر نمونہ نیا ہے۔ انسانی ضروریات کی اکثر چیزوں کی تصویریں کشیدہ میں موجود ہیں۔ جو خواتین کشیدہ کے کام سے ناواقف ہیں وہ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ خوشحال خواتین اس کی مدد سے گھر اور لباس کو خوشنما بنا کر خوشی حاصل کریں گی۔ ضرورت مند خواتین اس کی مدد سے ایسی چیزیں تیار کر کے جن کی فیشن کی دنیا میں مانگ ہے معقول آمدنی کی صورت پیدا

کرسکتی ہیں۔ قیمت چار روپے ؏

# محبّت نامے

بنگال کی ایک بہت مشہور و مقبول کتاب کا ترجمہ جس کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے اور ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو گئے۔ اس میں میاں بیوی کے خطوط ایک دُوسرے کے نام ہیں۔ جنہیں پڑھکر جہاں نوجوان مردوں اور عورتوں کی تفریح طبع ہو گی۔ وہاں پُر لطف اور شگفتہ خطوط لکھنے کا ڈھنگ بھی آئے گا۔ اس کتاب میں زندگی کے بعض نہایت اہم اور ضروری پہلوؤں پر ایسے دلچسپ انداز میں توجہ مبذول کرائی گئی ہے کہ افسانے کا سا لطف آتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ ؏

# بیگماتِ بھوپال

بھوپال کی بیگموں کا نام سب نے سُنا ہے لیکن ان کے کارناموں سے بہت کم لوگ واقف ہیں۔ اس کتاب میں وہاں کی تین نامور بیگموں کے کارنامے دلآویز انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔ قیمت دو روپے چار آنے ؏

# رسُومِ دہلی

دہلی کا شہر چھن گیا۔ لیکن مسلمانوں نے وہاں جو تہذیب قائم کی تھی اس کی یاد اب تک ہر مسلمان کے دل میں باقی ہے۔ اس کتاب میں اسی تہذیب کی ان رسوم کا دلچسپ بیان ہے جو بیاہ شادی وغیرہ تقریبات کے موقعوں پر وہاں ادا کی جاتی تھیں۔ قیمت بارہ آنے ؏

Taj Tahir Foundation

# ننھے بچّوں کے لئے کتابیں

## محترمہ محمّدی بیگم مرحومہ کی لکھّی ہوئی کتابیں

ننھے بچوں کے لیئے اردو میں پہلے پہل محترمہ محمدی بیگم مرحومہ نے کتابیں لکھی تھیں۔ ان کتابوں کو بچوں نے۔ ان کے ماں باپ نے اور اُستادوں استانیوں نے اتنا پسند کیا۔ کہ ہر پڑھے لکھے گھرانے میں بچوں کے لیئے یہ کتابیں منگوانا ضروری ہوگیا۔ کئی اخباروں میں لوگوں نے لکھا۔ کہ جن بچوں نے یہ کتابیں پڑھیں ان میں لکھنے پڑھنے کا شوق پیدا ہوا۔ اور کتابوں سے اچھی باتیں سیکھ کر وہ سب کی آنکھ کا تارا بن گئے۔

یہ یادگار کتابیں بار بار چھپ چکی ہیں۔ اور اب تک اردو میں بے نظیر سمجھی جاتی ہیں۔

## امتیاز پچیسی

* پچیس بہت آسان کہانیاں جو محترمہ محمدی بیگم مرحومہ نے اپنے بچے سید امتیاز علی تاج کے بچپن میں اُن کے لئے لکھی تھیں۔ نیا ایڈیشن زیر طبع ہے۔

---

Taj Tahir Foundation

## * تاج گیت

ننھے بچّوں کے لئے ننھی ننھی نظمیں۔ آسان گیت اور بول۔ جو انہیں پڑھتے پڑھتے بہت آسانی سے یاد ہو جاتے ہیں۔ اور شروع ہی سے شاعری میں وزن اور قافیہ کی سمجھ پیدا کرتے ہیں۔ قیمت پانچ آنے ٭

## * تاج پھول

ننھے بچوں کو ان کی عمر اور شوق کا خیال رکھ کر کوئی بات ایسی طرح سمجھانا۔ کہ وہ ان کے ذہن نشین ہو کر رفتہ رفتہ ان کی عادت بن جائے بڑا ٹیڑھا کام ہے۔ اس کتاب میں ایسی تمام ضروری باتیں گھل مل کر بچّوں کو بخوبی سمجھا دی گئی ہیں۔ جو ان کی جسمانی اور ذہنی تندرستی سے تعلق رکھتی ہیں اور بے احتیاط سمجھانے والوں کے بار بار سمجھانے پر بھی بچّوں پر کوئی اثر نہیں کرتیں۔ قیمت دس آنے ٭

## * ریاض پھول

ننھے بچوں کے لئے ایسی کہانیاں جو نہ اتنی سادہ ہیں۔ کہ انہیں پھیکی معلوم ہوں۔ نہ ایسی پیچیدہ کہ ان کے لئے وزنی ہو جائیں۔ ناپ تول کی احتیاط سے لکھی ہوئی۔ اور پھر یہ کہ نامعلوم طور پر ہر کہانی بچّوں کے لئے کسی نہ کسی لحاظ سے بہت مفید۔ قیمت ایک روپیہ دو آنے ٭

Taj Tahir Foundation

# دلچسپ کہانیاں

جن ماں باپ کو یہ فکر رہتا ہے۔ کہ ان کے بچوں کا سارا وقت کھیل کود ہی میں نہ گذرے۔ بلکہ ان کے دل میں بچپن ہی سے پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہو۔ وہ کہانیوں کی یہ کتاب اپنے بچوں پر آزمائیں۔ اور دیکھیں کہ اس کی دلچسپی انہیں کیونکر اپنی طرف کھینچتی ہے (زیر طبع)

# دلپسند کہانیاں

گرمیوں کی راتوں میں جب دِلّی کے آسمان پر چاند نکل آتا۔ اور بچے بڑی بوڑھیوں کے پاس لیٹ کر ان سے کہانی کہنے کی فرمائش کرتے۔ تو بچوں کا دل بہلانے کو جو کہانیاں وہ انہیں سناتیں۔ وہ ان ہی کی میٹھی زبان میں اس کتاب میں جمع کر دی گئی ہیں۔ طرح طرح کی کہانیاں۔ بادشاہوں کی جانوروں کی ہنسی مذاق کی۔ اس قدر پرلطف کہ آئی ہوئی نیند اُڑ جاتی میاں ٹھنگن کی کہانی۔ لال پوش کی کہانی۔ توتلی بیویوں کی کہانی۔ ٹمک ٹوں کی کہانی اور دوسری بہت سی کہانیاں جس نے بچپن میں سنیں۔ اسے ساری عمر نہ بھول سکیں۔ باتصویر۔ قیمت ایک روپیہ دس آنے

# تین بہنوں کی کہانی

الف لیلہ کی ایک بہت پیاری کہانی آسان اور میٹھی زبان میں۔ کہ

تین بہن بھائی پیدا ہوتے ہی ماں باپ سے کیسے بچھڑے۔ اور بڑی عُمر کو پہنچ کر کیسے عجیب وغریب طریق سے پھر ان سے ملے۔ بھائی اپنی بہن کے لیئے جادو کے پہاڑ سے بولتی چڑیا۔ گانے والا درخت اور سنہری فوارہ لینے گئے۔ اور وہاں پتھر بن کر رہ گئے۔ بھائیوں کی تلاش میں آخر بہن نکلی اور بڑی سمجھداری سے کام لے کر انہیں واپس لے آئی۔ تین بہنوں کے حسد اور تین بہن بھائیوں کی محبت کا اس قدر دلچسپ قصّہ کہ شروع کر کے ہاتھ سے رکھا نہیں جا سکتا۔ قیمت ایک روپیہ ؍

## * علی بابا چالیس چور

الف لیلہ کا بہت مشہور قصّہ جسے دنیا بھر کے بچّے بے حد شوق اور دلچسپی سے پڑھتے ہیں۔ چالیس چوروں کے خزانے کا بھید اتفاق سے علی بابا کو معلوم ہو گیا۔ چوروں نے اسے ٹھکانے لگانے کو بڑی بڑی تدبیریں کیں۔ لیکن جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے۔ علی بابا کی لونڈی مرجینا کی تدبیر سے آخر چالیسوں چور ختم ہو گئے۔ قیمت ۱۰ ار

## * پیٹو نوجوان کا قصّہ

ایک دولتمند نوجوان کھا کھا کر اتنا موٹا ہو گیا تھا۔ کہ چلتا تو معلوم ہوتا کہ ہاتھی جھومتا جھامتا چلا آ رہا ہے۔ لوگ اسے کہتے ورزش کرو۔ وہ کہتا مجھ سے ہلا بھی نہیں جاتا۔ ورزش کیا خاک کروں۔ آخر ایک عقلمند ڈاکٹر

Taj Tahir Foundation

نے اس کا علاج کیا۔ ایسا علاج جس کا حال پڑھ کر ہنسی سے پیٹ میں بل پڑ پڑ جاتے ہیں۔ یہ کتاب شمس العلماء مولوی سید ممتاز علی مرحوم نے ننھے بچوں کے لیئے لکھی تھی۔ قیمت پانچ آنے۔

---

# بچوں کیلئے کتابیں

## * سلیم کی کہانی

ننھا سلیم بہت ہی غریب لڑکا تھا۔ اتنا غریب کہ پیٹ بھر کھانا بھی نصیب نہ تھا۔ اس کے دل میں بڑا آدمی بننے کا شوق تھا۔ محنت اور ہمت سے کیا نہیں ہو سکتا۔ دانائی اور ہمت سے کام لے کر سلیم آخر بیرسٹر بن گیا۔ اس کہانی کو پڑھ کر معلوم ہوتا ہے۔ کہ شوق اور محنت سے کام لے کر غریب بچے کس طرح دنیا میں عزت اور نیکنامی حاصل کر سکتے ہیں۔ از نذر سجاد حیدر صاحبہ۔ (زیر طبع)

## * پھولوں کا ہار

محترمہ نذر سجاد حیدر صاحبہ کی لکھی ہوئی آسان اور بہت دلچسپ کہانیاں۔ جن کا انجام قصہ ختم ہونے تک معلوم نہیں ہونے پاتا۔ اور جب معلوم ہوتا ہے تو پڑھنے والا حیران رہ جاتا ہے (زیر طبع)

Taj Tahir Foundation

## * بن باسی رستم

بن باسی رستم کے معنی ہیں جنگل کا رہنے والا رستم۔ یہ ایک بہادر نیولے کا خطاب تھا۔ جو جنگل سے آکر سعید میاں کے گھر رہنے لگا تھا۔ اسی گھر کے باغ میں ایک کالا ناگ اپنی ناگن کے ساتھ رہتا تھا۔ باغ کے سب پرندے ناگوں کے اس جوڑے کے ہاتھوں پریشان تھے۔ ناگ اور ناگن ان کی جان کے دشمن تھے۔ جب موقع ملتا ان کے انڈے بچے کھا جاتے۔ نیولے سے یہ ظلم نہ دیکھا گیا۔ اس نے جنگ کی شاندار تیاری کی۔ اور ناگوں کے جوڑے کو جہنّم رسید کر کے باغ میں امن امان قائم کیا۔ اس خوشی میں پرندوں کا ایک مشاعرہ ہوا۔ جس میں بہت مزے مزے کے شعر پڑھے گئے + یہ کتاب ایک انگریزی کہانی سے لے کر لکھی گئی ہے۔ لیکن اُردو میں جو لطف مولوی محمد اشرف گورگانوی نے پیدا کیا ہے۔ وہ اصل انگریزی میں بھی نہیں۔ یہ کتاب بچّوں کی اُردو کتابوں میں بہترین سمجھی جاتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ

## * جادوگر اور دُوسری کہانیاں

ایک بدمعاش جادُوگر اپنے جادو کے زور سے ایک رانی کو اٹھا کر اپنے ہاں لے گیا۔ رانی کا بیٹا راجکمار چندر بڑا ہوا۔ تو اس کو جادوگر کے پنجے سے چھڑانے کے لئے گیا۔ اس نے بڑی بڑی تکلیفیں اور مصیبتیں اٹھائیں لیکن آخر اپنی ماں کو چھڑا لایا۔ اس کتاب میں سات اور مزیدار کہانیاں

Taj Tahir Foundation

بھی ہیں۔ تین خوبصورت رنگین تصویریں ہیں۔ قیمت ۸؍

## * اندھا اور بہرا اور دُوسری کہانیاں

ایک اندھا اور ایک بہرا ایک جنگل میں پھر رہے تھے۔ کہ شامت جو آئی تو جنوں کے ایک محل میں گھس گئے۔ اُف توبہ بچو! ایک طرف غبار جن اور دوسری طرف ایک بے چارہ اندھا اور دوسرا بہرا۔ بھلا مقابلہ ہی کیا تھا۔ مگر یہ اندھا اور بہرا بھی مزے کے آدمی تھے۔ ان دونوں نے جنوں کو تگنی کا ناچ نچا دیا۔ اس کتاب میں اَور بھی کئی کہانیاں ہیں۔ دو رنگین تصویریں ہیں۔ (زیرِ طبع)

## بینگن سُندری اور دُوسری کہانیاں

ایک لڑکی ایک بینگن میں سے نکلی۔ ایک کسان کے ہاں پلی۔ اور آخر ایک بادشاہ کی ملکہ بن گئی۔ بادشاہ کی بیوی نے اسے مروا ڈالا۔ مگر پریوں کا خیال ہے۔ کہ جو لڑکی بینگن میں سے نکلے وہ دوبارہ زندہ ہو جاتی ہے۔ اس لئے یہ بھی عجیب طرح زندہ ہو گئی، اس کتاب میں اس لمبی کہانی کے علاوہ اَور بھی کئی کہانیاں ہیں۔ مثلاً بندر کی عقل۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ ریچھ کی دُم قسمت کا گیت۔ بازیگر کا بندر وغیرہ۔ جس جس بچے نے یہ کتاب منگوائی۔ اس نے کئی کئی بار اسے پڑھا۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ؞

Taj Tahir Foundation

# * گدھے کی آپ بیتی

یہ ایک بہت پر مذاق کتاب ہے۔ اس میں ایک تجربہ کار گدھے نے اپنی زندگی کے بے حد دلچسپ حالات لکھے ہیں۔ جو شخص اس کتاب کو پڑھتا ہے۔ وہ چاہے کتنا ہی مُردہ دل اور اُداس ہو۔ گدھے کی بیوقوفی اور گدھے پن پر قہقہہ لگائے بغیر نہیں رہتا۔ یہ کتاب کئی بچّوں کو تحفے کے طور پر مل چکی ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ؎

# * چاند کی بیٹی اور دوسری کہانیاں

یہ بہت ہی پیاری۔ بہت ہی دلچسپ اور بہت ہی مزیدار جاپانی کہانیاں ہیں۔ کوئی شاعرانہ کہانی ہے۔ کوئی بہادری کا کارنامہ ہے کسی کو پڑھ کر ہنسی آتی ہے۔ کسی کو پڑھ کر کوئی بہت اچھا سبق ملتا ہے۔ یہ کہانیاں اتنی اچھّی ہیں۔ کہ دُنیا کی تمام زبانوں میں ترجمہ ہو چکی ہیں۔ سرورق پر جاپان کے ایک نظارے کی بہت خوش نما اور رنگین تصویر ہے۔ (زیرِ طبع)

# * برف کی بیٹی اور دوسری کہانیاں

اس کتاب میں چھ انوکھی کہانیاں ہیں۔ یہ ہمارے ملک کی کہانیاں نہیں۔ بلکہ ملک روس کی کہانیاں ہیں۔ جو ہمارے ملک سے بہت دُور

ہے۔ وہاں کے کئی حصّوں کے لوگ مارے سردی کے ٹھٹھرتے پھرتے ہیں۔ یہ کہانیاں روس کے لکھنے والوں نے بڑی محنت سے اچھے بچے بچیوں کے لئے لکھی ہے۔ پہلی کہانی برف کی بیٹی ہے۔ جو بیچاری آگ کی گرمی سے چھوٹا سا بادل بن کر آسمان کی طرف اُڑ گئی تھی۔ سرورق بہت خوبصورت رنگین تصویر والا۔ (زیر طبع)

## جادُو کا لفظ

یہ ایک گستاخ لڑکے کا جس نے ایک جادوگر کو ناراض کر دیا تھا۔ بے حد دلچسپ ناٹک ہے۔ اگر بچے اسے پڑھیں تو انہیں بیحد لُطف آئیگا اور اسے یاد کر کے اس کا تماشا کریں تو بہت خوش ہونگے۔ اور تالیاں بجا بجا کر بھئی واہ! بھئی واہ! پکار اٹھیں گے۔ سرورق پر گستاخ لڑکے کی تصویر ہے۔ اور اندر ایسی تصویریں ہیں جنہیں دیکھ کر پتہ چل جاتا ہے۔ کہ اگر اس ناٹک کا تماشا کھیلا جائے۔ تو کیا کیا تیاری کرنی چاہیئے۔ اسکول کے سالانہ جلسے پر کرنے کے لئے بہت اچھا کھیل۔ قیمت گیارہ آنے

## ثریّا کی گُڑیا

تم نے کپڑے۔ ربڑ اور موم کی بنی ہوئی بہت سی گُڑیاں دیکھی ہونگی لیکن ایسی گڑیا جو خون اور گوشت کی بنی ہو۔ چلتی پھرتی اچھلتی کودتی اور ناچتی گاتی ہو۔ ہنستی کھلکھلاتی ہو۔ میٹھی میٹھی باتیں کرتی ہو تمہارے دیکھنے

Taj Tahir Foundation

میں نہ آئی ہوگی۔ یہ بے حد پر لطف ناٹک اسی گڑیا کے متعلق ہے۔ دو لڑکیاں اور ایک لڑکا گھر یا مدرسے میں اسے بہت آسانی سے کھیل سکتے ہیں۔ کھیل میں بات یہ ہے۔ کہ ثریا نے اپنی امیر سہیلی کی دعوت کی جس کے پاس بہت سی کمال کی گڑیاں تھیں۔ لیکن اسے دکھانے کے لئے بیچاری ثریا کے پاس کوئی گڑیا نہ تھی۔ اسے شرمندگی سے بچانے کے لئے اس کا شریر بھائی سوانگ بھر کر گڑیا بن گیا۔ اور اس نے ایسے ایسے کھیل تماشے دکھلائے جنہیں دیکھ کر ثریا کی امیر سہیلی دنگ رہ گئی۔ ہنسی مذاق کا نہایت اعلےٰ کھیل۔ قیمت بارہ آنے۔

## * پھولوں کے گیت

استاد انعام دیتے ہیں۔ رشتے دار تحفے لاتے ہیں۔ ماں باپ پیار کرتے ہیں۔ ان بچوں کو جنہیں اچھی اچھی اور پیاری پیاری نظمیں یاد ہوں۔ اس کتاب کی نظمیں اردو کے بہت مشہور شاعر اختر شیرانی مرحوم کی لکھی ہوئی اور اس قابل ہیں۔ کہ زبانی یاد کی جائیں۔ جس طرح بہار کے موسم میں باغ میں اڑتی ہوئی تتلیاں بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہیں۔ اسی طرح پڑھنے والوں کو یہ نظمیں بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ باغ میں اڑنے والی تتلیوں سے بھی زیادہ بھلی۔ ایسا خوش نما سرورق۔ کہ بچے اسے بہت سنبھال سنبھال کر رکھتے ہیں۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

# جونپور کا قاضی

ایک بے حد پُرمذاق - دلچسپ اور چٹخارے دار قصہ نظم میں کہانی یہ ہے - کہ ایک مکتب کے چالاک مُلّا نے ایک بے وقوف گدھے والے سے پچاس روپے لے کر وعدہ کیا - کہ میں چھ مہینے میں تمہارے گدھے کو انسان بناؤں گا - چھ مہینے کے بعد جب گدھے والا اپنا گدھا واپس لینے آیا - تو مُلّا نے گپ چھوڑ دی کہ زیادہ مصالحہ لگ جانے سے تیرا گدھا بڑے زور کا انسان بن گیا - اور یہاں سے بھاگ جونپور چلا گیا - اور وہاں کا قاضی بن بیٹھا ہے - گدھے والا جونپور پہنچا - تو وہاں ایسے ایسے واقعات پیش آئے جنہیں پڑھ کر بے حد ہنسی آتی ہے - ساتھ بلاک کی نہایت عُمدہ تصویریں - قیمت بارہ آنے ❖

## ہنڈکلھیا

برسات میں پکوان پکانے پر لڑکیوں میں لڑائی ہوگئی - اس کا حال بہت پُرلطف نظم میں - قیمت دو آنے ❖

# تصانیف شیخ نور الٰہی مرحوم سابق ڈائرکٹر سررشتۂ تعلیم

## آپ بیتی دو حصّوں میں

ایک لڑکے کا دلچسپ خواب اور اژدھا کے ساتھ ایک جزیرے کی سیر۔ ایک بندر سے بچوں کی ملاقات۔ حصّہ اول زیر طبع حصہ دوم دو روپے آٹھ آنے ؛

## * احمد نجومی

ایک جھوٹے نجومی کا دلچسپ قصہ۔ جو اتفاق سے ہر بات کا جواب ٹھیک دیتا تھا۔ قیمت چودہ آنے ؛

## * چندا ماموں

چندا ماموں کی کہانی پڑھ کر گھر بیٹھے بٹھلائے جاپان کی سیر ہو جاتی ہے۔ دلچسپ کتاب ہے۔ قیمت دو روپے دو آنے ؛

## * غنڑ غوں

ایک بہن کی محبت کا قصہ۔ جس نے اپنے بھائیوں کے لئے بڑی بڑی تکلیفیں اُٹھائیں۔ قیمت ایک روپیہ دو آنے ؛

## گڑیا کا گھر (دو حصّوں میں)

اس کتاب میں کہانی کے پیرائے میں نہایت مفید باتیں بیان کی گئی ہیں۔ یہ کتاب بچوں کی الف لیلہ ہے۔ قیمت حصّہ اول دو روپے ۴، حصّہ دوم۔ دو روپے بارہ آنے ؛

Taj Tahir Foundation

## * میاں کوشش

ایک غریب لڑکے کا مزےدار قصہ۔ جو اپنی محنت سے بادشاہ کا ولی عہد بن گیا۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے *

## * میاؤں میاؤں

ایک بڑھیا کی لالچی بلی کی کہانی۔ جو بڑھیا کو چھوڑ کر بادشاہ کے محل میں چلی گئی تھی۔ قیمت ایک روپیہ دس آنے *

## * یارِ غار

دو دوستوں کی سچی دوستی کی کہانی۔ نہایت دلچسپ اور پُر مذاق قصہ۔ قیمت دو روپے *

---

Taj Tahir Foundation

# لڑکوں لڑکیوں کے لئے کتابیں

## * الحمرا کے افسانے

الحمرا کی عمارت ہسپانیہ کے مسلمان بادشاہوں کے زمانۂ اقبال کی مشہور یادگار ہے۔ امریکہ کے مشہور مصنف واشنگٹن ارونگ نے جب ہسپانیہ کی سیاحت کے دوران میں مسلمانوں کی عظمت کے ان مٹے ہوئے نقوش کو دیکھا۔ تو وہ بے حد متاثر ہوا۔ اور اس کے قلم سے یہ رنگین افسانے نکلے۔ جو رہتی دُنیا تک یاد رہیں گے۔ غرناطہ کے بلند پہاڑوں اور سرسبز

وادیوں۔ اشبیلیہ کے پُربہار گلستانوں اور شاداب کنجوں اور طلیطلہ کی نشاط انگیز محفلوں اور عشرت گاہوں کا ذکر ایسے دلنشین انداز میں کیا گیا ہے۔ کہ ہسپانیہ کے مسلمان بادشاہوں کے عہدِ کامرانی کی تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے + اس کتاب کی کتابت وطباعت خاص اہتمام سے ہوئی ہے۔ سرورق چار رنگوں میں چھپا ہے۔ آٹھ رنگین تصویریں ہیں۔ جن میں دو تین تین رنگوں کی اور چھ دو دو رنگوں کی ہیں۔ غرض بجا طور پر دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔ کہ آج تک اُردو زبان میں لڑکوں کے لئے کوئی کتاب اس شان اور اہتمام سے شائع نہیں ہوئی۔ خوشی کی تقریبوں پر دوست احباب کی خدمت میں پیش کرنے کے لئے نہایت اچھا تحفہ ہے۔ از غلام عبّاس صاحب۔ قیمت چار روپے +

## * زُلفی

یہ جنگل کی ایک کہانی ہے۔ ایسے جنگل کی جس میں شیر۔ بھیڑیئے۔ ہاتھی۔ ریچھ اور گیدڑ جیسے بہت سے جانور رہتے تھے + اس کتاب میں ایک لکڑہارے کے بچے کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ جسے ایک بھیڑیئے کی بدمزاج بیوی نے اپنا دودھ پلا کر پالا تھا + ایک بوڑھا لنگڑا شیر اس بچے کا دشمن بن گیا۔ اُس نے اسے کھانا چاہا۔ مگر یہ بچہ اپنے جنگلی دوستوں کی مدد سے بڑے بڑے خطروں سے بال بال بچتا رہا۔ کیونکہ وہ ایک بوڑھے اور تجربہ کار ریچھ کی شاگردی کر چکا تھا +

کہانی کیا ہے جنگل کی تصویر ہے۔ پڑھتے پڑھتے جنگل کی ساری زندگی کا نقشہ آنکھوں میں کھچ جاتا ہے۔ اور بے اختیار جی چاہتا ہے۔ کہ کاش ہم بھی اس جنگل میں نکل جاتے اور درندوں کی حرکتوں کا دلچسپ تماشا اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے۔

ہندوستان کے مشہور مترجم مولوی عنایت اللہ دہلوی نے "جنگل بک" کی اس کہانی کو دہلی کی ایسی صاف ستھری اور چٹخارے والی زبان میں لکھا ہے۔ کہ اصل کتاب اس کتاب کے مقابلے میں پھیکی معلوم ہوتی ہے۔ یعنی مذاق کے ہلکے ہلکے رنگ سے اس کتاب کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ تمام بچے بوڑھے اس کتاب کو پڑھ کر لطف اٹھا سکتے ہیں۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔

## * نٹ کھٹ پانڈے

ایک ایسے شریر لڑکے کے بچپن اور لڑکپن کی کہانی۔ جس سے اس کے رشتے دار۔ ہمسائے۔ ماسٹر اور سب دوسرے لڑکے پناہ مانگتے تھے۔ لڑکا کیا تھا۔ آفت کی پڑیا تھا۔ انگریزی کی ایک مشہور کتاب کے ڈھنگ پر لکھی گئی ہے۔ تین فوٹو کی تصویریں۔ ایک پُر لطف سہ رنگی تصویر۔ قیمت دو روپے بارہ آنے۔

## * عزم بالجزم

جب گھڑی گھڑی ناکام ہونے کے بعد ہمت ٹوٹ جاتی ہے

اور امید ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ تو انسان کو اپنے پکّے ارادے سے بہت مدد ملتی ہے۔ اور اسی کی وجہ سے وہ کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔ اس کتاب میں اسی بات پر ایک بہت دلچسپ قصّہ درج ہے۔ از مولوی بشیر الدین احمد دہلوی۔ قیمت سات آنے ؛

## صُبحِ ملال و شامِ غم

ایک لڑکے کی دُکھ بھری داستان۔ جو سوتیلی ماں کے ظلموں سے تنگ آکر گھر سے بھاگ گیا تھا۔ ایک رئیس کے ہاں پرورش پاتا رہا۔ مگر اس کی بدقسمتی نے کہیں اس کا ساتھ نہ چھوڑا۔ از احمد حسین خان۔ (زیر طبع ہے) ؛

## ہیر رانجھا

پنجاب کی بہت مشہور عشقیہ کہانی۔ آسان الفاظ میں اور خوشخط لکھی ہوئی۔ ایک روپیہ

## سوہنی مہینوال

سوہنی مہینوال۔ پنجاب کے مشہور چاہنے والوں کی محبت کی کہانی آسان الفاظ میں اور خوش خط لکھی ہوئی۔ قیمت آٹھ آنے ؛

## سسّی پُنّوں

سسّی اور پُنّوں کی محبّت کی داستان آسان الفاظ میں اور خوش خط لکھی ہوئی۔ قیمت چودہ آنے ؛

Taj Tahir Foundation

## سوشیلا

یہ ناول اس قدر دلچسپ ہے۔ کہ ایک بار شروع کرکے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ اس میں نہایت وضاحت سے اس امر پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کہ ایک محبِ وطن تحریک امداد باہمی کی بدولت کس طرح ملک و قوم کی خدمت کرسکتا ہے۔ ہر محبِ وطن کا فرض ہے۔ کہ اس کتاب کا مطالعہ کرے۔ از خواجہ عبدالکریم ایم۔ اے۔ قیمت ایک روپیہ

## پریم نگر

خواجہ عبدالکریم ایم۔ اے کے اس ناول کو تحریک امدادِ باہمی سے دلچسپی رکھنے والے حضرات نے بے حد پسند کیا ہے۔ خان محمد بشیر احمد خان صاحب ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی، ایم۔ آر۔ اے۔ ایس (لندن) سکرٹری پنجاب کوآپریٹو یونین اس کے دیباچے میں لکھتے ہیں کہ اوّل مرتبہ امداد باہمی ایسا خشک مضمون ایسے دلچسپ انداز میں پیش ہوا ہے۔ اگر اسے افسانۂ امدادِ باہمی کہا جائے۔ تو بے جا نہ ہوگا۔ امدادِ باہمی کی عالمگیر کرشمہ سازیوں کو اس خوبی اور وضاحت سے پیش کیا ہے۔ کہ ایک معمولی قابلیت کا شخص بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ قیمت تین روپے :

## بحرِ جنوبی کا سفر

ایک لڑکا جہاز تباہ ہوجانے کے بعد ایک تختے پر تیرتا تیرتا وحشیوں

کے جزیرے میں جا پہنچا تھا۔ اس جزیرے کے بدمعاش اپنے یورپین افسر کے مرجانے کے بعد اس کے بچوں سے ایک پوشیدہ خزانہ حاصل کرنا چاہتے تھے۔ یہ لڑکا عین وقت پر امداد کے لئے جا پہنچا۔ بے حد دلچسپ اور سنسنی پیدا کرنے والا ناول۔ باتصویر (زیر طبع) ٭

## ہوبیز

کیا تمہیں معلوم ہے۔ کہ برطانیہ کے بادشاہ جارج پنجم فرصت کے وقت ڈاک کے ٹکٹ جمع کیا کرتے تھے؟ اسی طرح کیا امیر کیا غریب ہر شخص اپنا کوئی نہ کوئی شغل ضرور رکھتا ہے۔ بھلا بتاؤ کہ تم اپنا فرصت کا وقت کس طرح گذارتے ہو؟

بعض بچے یہ نہیں جانتے۔ کہ انہیں کیا شغل اختیار کرنا چاہیئے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے ہوبیز پڑھو۔ اس کتاب میں لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے بیسیوں نئی اور مفید دستکاریوں۔ علمی کھیلوں۔ آسان زراعتی حرفتوں اور دلچسپ شغلوں کا پورا پورا حال آسان زبان میں درج ہے۔ نیز یہ بتایا گیا ہے۔ کہ کس طرح معمولی شوق رفتہ رفتہ بہت نفع والی صنعت بن جاتے ہیں؟ کئی ایسے شعبدے بھی سمجھائے گئے ہیں۔ کہ وہ تم نے دوسروں کو دکھائے تو لوگ تمہیں جادوگر سمجھیں گے۔ تم مرتبان سے فوارہ چلا سکو گے۔ شیشے پر لکھ سکو گے۔ خفیہ سیاہیاں تیار کر سکو گے۔ سمندری باغ لگا سکو گے ٹیلیفون اور چھوٹا سا چھاپہ خانہ بنا کر ننھی ننھی کتابیں چھاپو گے۔ جن بچوں نے یہ کتاب منگوائی۔ ان کا بیان ہے کہ ہم جادوگر بن گئے۔ اور ہم نے طرح طرح کے

کھیل تماشوں سے لوگوں کو حیران کیا ؀

اس کتاب میں سینکڑوں سادہ اور بلاک کی تصویریں ہیں۔ کتاب کیا ہے عجوبہ چیزوں کا پٹارہ ہے۔ بچے کیا بڑے بھی اس کتاب کو منگوا کر لوگوں کو حیران کر سکتے ہیں۔ بلکہ روزی کما سکتے ہیں۔ گنتی کی چند جلدیں باقی ہیں۔ قیمت آٹھ روپے ؀

# فریٹ ورک

جس میں لکڑی۔ دھات اور ایبونائٹ کے باریک زیبائشی کٹاؤ کے کام کے متعلق اصولی اور عملی ہدایتیں دی گئی ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے مبتدی چار ماہ کی مشق کے بعد لکڑی کی ہر قسم کی کارآمد اور زیبائشی اشیاء مثلاً گلدان۔ قلمدان۔ بریکٹیں۔ ریکیں۔ صندوقچے۔ ریڈیو اور گراموفون کے کیس۔ کتابوں کے فینسی سہارے۔ کیلنڈر۔ تصویروں کے چوکھٹے۔ آئینے۔ معمہ خیز تصویریں۔ سلہاوٹ۔ نیز بچوں کے لئے تفریحی تاریخی اور تعلیمی کھلونے وغیرہ بنا سکتا ہے۔ اور دھات اور ایبونائٹ میں ہر قسم کی پچی کاری کی زیبائشیں اور اسٹینسل وغیرہ کاٹ سکتا ہے۔

قیمت تین روپے ؀

# توت عنخ آمون

مصر قدیم کے باشندوں کی معاشرت۔ علم و حکمت اور صنعت و

Taj Tahir Foundation

حرفت کے صحیح حالات پر صدیوں سے تاریکی کا پردہ پڑا ہوا تھا۔ آخر
بیسویں صدی کے یورپین سیاحوں اور آثارِ قدیمہ کے ماہروں نے برسوں
مسلسل محنت کے بعد مصر کے پرانے آثار کھود کر نکالے۔ اور پرانے زمانے
کے علمی اور تمدنی کارناموں کو اجاگر کیا۔ انہیں مقبروں میں مصرِ قدیم کے
کئی ایسے بادشاہوں کی نعشیں ملیں جنہیں مرے ہزارہا برس گذر چکے
تھے۔ یہ لوگ نعشیں ایسے مسالے لگا کر رکھا کرتے تھے۔ کہ وہ ہزاروں برس
تک بگڑنے نہ پاتی تھیں۔ اس کتاب میں توت عنخ آمون فرعونِ مصر
کے حالات جس کا مقبرہ حال کی دریافت ہے۔ نیز تاریخِ مصر پر اجمالی نگاہ
اہلِ مصر کے عقائد اور ممی۔ قدیم مصریوں کی معاشرت وغیرہ ایسے ایسے ابواب
اس کتاب میں ہیں۔ کہ پڑھنے سے عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ سرورق نہایت
خوش نما سہ رنگا۔ قیمت دو روپے ☆

## چمنِ اردو (دو حصے)

اکثر پڑھے لکھے لوگوں کو بھی معلوم نہیں۔ کہ اردو زبان میں کون
کون سے مشہور مصنّف گذرے ہیں۔ ان کی مشہور کتابیں کون کون سی
ہیں۔ اور ان کے لکھنے کے ڈھنگ میں کیا کیا خاص باتیں تھیں۔ اکثر
طالبعلم کورس کی کتابوں میں ان لوگوں کی تصانیف کے انتخاب پڑھ
لیتے ہیں۔ لیکن انہیں اور کچھ معلوم نہیں ہونے پاتا۔ اس کتاب میں اردو
کے سب مشہور اور نامور مصنفوں کی زندگی۔ تصانیف اور اندازِ تحریر کی

Taj Tahir Foundation

خصوصیات کا مفصل تذکرہ دلچسپ انداز میں درج ہے۔ مصنفہ ساحل بلگرامی
قیمت حصہ اول ایک روپیہ چودہ آنے۔ حصہ دوم دو روپے چار آنے؛

## شمعِ اردو (ہر دو حصہ)

اردو کے تمام مشہور شاعروں کے حالات۔ ان کے لطیفے اور ان کے کلام کی خصوصیات پر تبصرہ۔ ساتھ ہی کلام کے نمونے محفل آرائی کا فن سکھانے کی بے مثال کتاب۔ حصہ اول ۲ روپے ۴ آنے حصہ دوم ۲ روپے ۴ر

# مطبوعات ایس ممتاز علی اینڈ سنز

تصانیف سید امتیاز علی تاج

## پہلا درجہ

(۷ سے ۹ سال تک کے بچوں کیلئے)

| نمبر شمار | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|
| ۱ | ننھی کتاب * | ۶ر |
| ۲ | مُنّی کتاب * | ۶ر |
| ۳ | پیاری کتاب * | ۶ر |
| ۴ | دُلاری کتاب * | ۶ر |
| ۵ | ہماری کتاب * | ۶ر |

مکمل سٹ کے خریدار سے۔ سات روپے آٹھ آنے؛

# سٹوں کی کتابیں

## (نو سے گیارہ سال تک کے بچّوں کیلئے سٹ)

اس سٹ کی مندرجہ ذیل کتابیں مل سکتی ہیں :-

| نمبر شمار | نام کتاب | قیمت | نمبر شمار | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | بچّوں کا انصاف اور دوسری کہانیاں | ۰۶ر | ۷ | بہن کی محبت اور دوسری کہانیاں | ۰۶ر |
| ۲ | خزانے کا مالک 〃 〃 | ۰۶ر | ۸ | عجیب عنس 〃 〃 | ۰۶ر |
| ۳ | سچّا وعدہ 〃 〃 | ۰۶ر | ۹ | چپ شہزادی 〃 〃 | ۰۶ر |
| ۴ | امیر اور بانس والا 〃 | ۰۶ر | ۱۰ | گبڑا بونا 〃 〃 | ۰۶ر |
| ۵ | روس کا شہنشاہ 〃 | ۰۶ر | ۱۱ | بلّوری جوتا 〃 〃 | ۰۶ر |
| ۶ | سفید کبوتر 〃 〃 | ۰۶ر | ۱۲ | نقلی شہزادہ 〃 〃 | ۰۶ر |

Taj Tahir Foundation

## گیارہ سے چودہ سال تک کے بچّوں کیلئے سٹ

اس سٹ کی مندرجہ ذیل کتابیں مل سکتی ہیں :-

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پہاڑی ماں | ۰۶ر | ۶ | صابر شہزادی | ۰۷ر |
| ۲ | دُکھ کے بعد سُکھ | ۰۶ر | ۷ | ایک سُست لڑکا | ۸ر |
| ۳ | تقدیر اور تدبیر | ۰۶ر | ۸ | فتنہ کی کہانی | ۰۶ر |
| ۴ | پادری کا دلچسپ قصّہ | ۰۶ر | ۹ | بھول بھلیّاں | ۸ر |
| ۵ | چالاک بلّی | ۰۶ر | ۱۰ | جورو مار راجہ | ۰۶ر |

| نمبر شمار | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|
| ۱۱ | لوہے کو لوہا کاٹتا ہے | ۰٦ر |
| ۱۲ | چالاک بھانجا | ۰٦ر |
| ۱۳ | سعد اور سعید | ۰۷ر |
| ۱۴ | دو بھائی | ۱۰ر |
| ۱۵ | شہزادہ جمشید | ۰۷ر |
| ۱٦ | جادو کا برج | ۰٦ر |
| ۱۷ | جھوٹ موٹ کا بھوت | ۵ر |
| ۱۸ | عجیب عینک | ٦ر |
| ۱۹ | کپوا اور مانو | ۱۴ر |

## * سلسلۂ پیسہ لائبریری

مصنفہ و مرتبہ سید امتیاز علی صاحب تاج

اس سلسلے کی مندرجہ ذیل کتابیں مل سکتی ہیں:-

| نمبر شمار | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|
| ۱ | ڈاکوؤں کی کہانیاں | عہر |
| ۲ | شہزادیوں کی کہانیاں | عہر |
| ۳ | ہنسی کی کہانیاں | عہر |
| ۴ | ناٹکوں کی کہانیاں | عہر |
| ۵ | سانپوں کی کہانیاں | عہر |
| ٦ | نجومیوں کی کہانیاں | عہر |
| ۷ | بونوں کی کہانیاں | عہر |
| ۸ | خزانوں کی کہانیاں | عہر |
| ۹ | جنوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱۰ | اسکول کی کہانیاں | عہر |
| ۱۱ | کنجوسوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱۲ | انصاف کی کہانیاں | عہر |
| ۱۳ | شاہوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱۴ | بیربل کی کہانیاں | عہر |
| ۱۵ | خانہ بدوشوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱٦ | لڑکوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱۷ | لڑکیوں کی کہانیاں | عہر |
| ۱۸ | طلسمات کی کہانیاں | عہر |

۱۹۔ کسانوں کی کہانیاں - عہر

Taj Tahir Foundation

## پرائمری مدارس کے بچّوں کے لئے

| نمبر شمار | کتاب | قیمت | نمبر شمار | کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ماہی گیر کی کہانی ※ | عہ ر | ۵ | چڑیا خانہ حصّہ دوم ※ | ۶ہ ر |
| ۲ | تین بھائیوں کی کہانی ※ | ۱۰ ر | ۶ | چوہے بلّی نامہ ※ | ۷ ر |
| ۳ | موت کا راگ ※ | ۸ ر | ۷ | سپاہی زادہ ※ | ۸ ر |
| ۴ | چڑیا خانہ حصّہ اوّل ※ | ۱۰ عہ ر | | ○ | |

## لوئر مڈل کے طلباء کے لئے

مصنّفہ و مرتّبہ سیّد امتیاز علی تاج

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ※ پرستان حصّہ دوم | عہ ر | ۴ | ابوالحسن | عہ ر |
| ۲ | پھولوں کی کلیاں حصّہ اوّل ※ | ۶ہ ر | ۵ | پھول باغ حصّہ اوّل | ۱۰ عہ ر |
| ۳ | ″ ″ ″ دوم ※ | ۸ عہ ر | ۶ | پھول باغ حصّہ دوم | عہ ر |

## مصنّفہ ابوالاثر حفیظ جالندھری

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ※ بدر بادشاہ اور جواہر شہزادی | ۱۰ عہ ر | ۳ | شہزادہ صنم ※ | عہ ر |
| ۲ | ※ نورالدین ملی | ۴ ہ ر | | ○ | |

## دوسرے مصنّفین کی کتابیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پھولوں کا گلدستہ ※ | ۲ صہ ر | ۳ | کھیل پچیسی ※ | ۸ ر |
| ۲ | پھلجھڑی ※ | عہ ر | ۴ | کھیل ہنسی ※ | عہ ر |

Taj Tahir Foundation

| نمبر شمار | کتاب | قیمت | نمبر شمار | کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | سدا بہار * | ع۸ر | ۱۰ | تغ ملا | عہ۴ر |
| ٦ | بادل کے نیچے | عہ۱۲ر | ۱۱ | بادشاہوں کی کہانیاں | عہ۴ر |
| ٧ | پھُول مالا | سے۳ر | ۱۲ | رفیق زمیندار حصّہ دوم * | عہ۱۴ر |
| ۸ | کن کٹا قاضی * | عہ۴ر | ۱۳ | پانچ چھوٹے ناٹک | عہ۸ر |
| ۹ | بگلا بھگت | ۱۲ر | | ○ | |

## اپر مڈل کے طلبار کے لئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | قصر صحرا حصّہ اوّل * | عہ۴ر | ۹ | شہزادہ زرنماش * | ع۴ر |
| ۲ | " " دوم * | ع | ۱۰ | ہندوستاں ہمارا * | سے ر |
| ۳ | " " سوم * | عہ۱۴ر | ۱۱ | عمر عیار حصّہ اول * | ع۴ر |
| ۴ | اسّی دن میں دنیا کا سفر * | عہ ر | ۱۲ | " " دوم * | ع ر |
| ۵ | پانچ ہفتے غبارے میں * | عہ۴ر | ۱۳ | حکایات شرلک ہومز | للعہ۴ر |
| ٦ | دانایانِ فرنگ * | ع۸ر | ۱۴ | یادگار شرلک ہومز | سے۴ر |
| ٧ | ایجادات * | سے ر | ۱۵ | نرالی دُنیا | ۱۰ر |
| ۸ | کاریگری * | عہ۱۲ر | | ○ | |

## خواتین کے لئے کتابیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | آرسی * | عہ۴ر | ۴ | تہذیبی نسخے | سے۸ر |
| ۲ | ذرۂ عظیم * | ع۲ر | ۵ | بچّے کی تندرستی * | ع ر |
| ۳ | ہمّتِ نسواں * | ع۴ر | ٦ | طبیب نسواں | ع ر |

| نمبر شمار | کتاب | قیمت | نمبر شمار | کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | قواعدِ تندرستی * | عہ/۱ہ | ۱۱ | رنج و راحت | ۵عہ/ |
| ۸ | آہ مظلوماں | عہ/۱ر | ۱۲ | پھوہڑ نامہ * | ۱۱ر |
| ۹ | حرماں نصیب * | عہ/۸ر | ۱۳ | آئینۂ حرم | ۱۲ر |
| ۱۰ | دُکھ بھری کہانی * | ۷ر | ۱۴ | معجزۂ آلِ نبیؐ | ۵ر |

## ادبی کتابیں

| نمبر شمار | کتاب | قیمت |
|---|---|---|
| ۱ | پریم پچیسی حصّہ دوم۔ مصنفہ منشی پریم چند * | سے ر |
| ۲ | " دوم " " " * | للعہ/۸ر |
| ۳ | بازارِ حسن حصّہ دوم " " | سے ر |
| ۴ | ان پورنا کا مندر | ۶ہ/ |
| ۵ | مردم دیدہ۔ مصنفہ مولانا چراغ حسن حسرت | ۶ہ/ |
| ۶ | فردوسِ تخیل۔ مصنفہ ز۔خ۔ش مرحومہ | سے/۸ر |

## دُوسرے اداروں کی کتابیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | توبۃ النصوح۔ مصنفہ مولانا نذیر احمد دہلوی | ۶/۱۲ر |
| ۲ | بنات النعش " " " | ۶/۴ر |
| ۳ | منازل السائرہ۔ مصنفہ مولانا راشد الخیری دہلوی | ۴ر |
| ۴ | سات رُوحوں کے اعمالنامے " " " " " | ۸ر |
| ۵ | گرفتارِ قفس " " " " " | ۴ر |

Taj Tahir Foundation

# CALENDAR 1957

### 1957 JANUARY 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | ● | ● |

### 1957 FEBRUARY 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | ● | ● | ● | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | ● | ● |

### 1957 MARCH 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 | ● | ● | ● | ● | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

### 1957 APRIL 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | ● | ● | ● | ● |

### 1957 MAY 1957

| S | M | F | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | ● | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | ● |

### 1957 JUNE 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 | ● | ● | ● | ● | ● | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |

### 1957 JULY 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | 31 | ● | ● | ● |

### 1957 AUGUST 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | ● | ● | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |

### 1957 SEPTEMBER 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | ● | ● | ● | ● | ● |

### 1957 OCTOBER 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | ● | ● |

### 1957 NOVEMBER 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ● | ● | ● | ● | ● | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

### 1957 DECEMBER 1957

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | ● | ● | ● | ● |

Taj Tahir Foundation